دربھنگہ (عرفان احمد پیدل) دربھنگہ ضلع کے شہری و دیہی علاقوں میں عیدالاضحیٰ کی نماز جوش وخروش کے ساتھ سخت پولیس انتظامات اور عوامی منتظمین کی نگرانی میں اجتماعی دعاؤں کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا جہاں نمازیوں کی بھیڑ عیدگاہوں میں ملا وہیں کچھ مقامات پر عید الاضحیٰ کی نماز مساجد میں بھی ادا کی گئی ضلع وشہر میں امن وامان قائم رہے اس کو دیکھتے ہوئے پولیس انتظامیہ چوکس دیکھی گئی وہاں بھی پولیس کا سخت انتظامات کیا گیا تھا تاکہ نمازیوں کو کسی طرح کی کوئی پریشانی پیدا نہیں ہونے پائے اور لوگ عیدالاضحیٰ کی نماز بھائی چارہ و محبت کے ساتھ منائیں جبکہ دربھنگہ نگر نگم کی جانب سے باقر گنج جامعہ مسجد اور دربھنگہ ٹاور کی جامعہ مسجد کے قریب وآس پاس نمازیوں کے وضو کے لیے پانی کا خصوصی انتظامات کیا گیا تھا اور انتظامیہ کی جانب سے پورا انتظام تھا وہیں مسجد انتظامیہ کمیٹی کے رکن ضلع انتظامیہ کی پوری مدد کرتے ہوئے دیکھے گئے دربھنگہ شہر سمیت ضلع کے مختلف مقامات و دیہی علاقوں میں عید الاضحیٰ کی نماز عقیدت و احترام کے ساتھ پرنم آنکھوں سے اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے واپنے مرحومین کے لئے خصوصی دعائیں مانگی بوڑھے جوان بچے نئے نئے کپڑوں میں ورنگ برنگی ٹوپیاں پہن کر وخوشبو اور سرمہ لگا کر شہر و دیہی علاقوں کے عیدگاہوں میں و مساجد میں تشریف لائے ہوئے تھے خاص کر جامعہ مسجد باقر گنج لہیر یا سرائے وکٹی بازار دربھنگہ ٹاور کا نظارہ دیکھنے لائق تھا نمازیوں کی بھیڑ دربھنگہ شہر کے جامعہ مسجد باقر گنج وکٹی بازار دربھنگہ ٹاور پر تو تھا ہی وہیں سودھارا، قیدرا آباد، علی نگر، کٹہل باری، روہلا گنج، دونار، بھیرو پٹی، بھیلو چک، مہدولی،

اسماعیل گنج عیدگاہ، اللپٹی، بینتا، شاہ گنج، خواجہ سرائے، پنڈا سرائے، باقر گنج مومن ٹولہ، اہنڈا، جی این گنج، مہاراج گنج، سلفیہ جامعہ مسجد، سرائے ستار خاں، مولا گنج، مغل پورہ، خانقاہ سمرقندیہ، محلہ فیض اللہ خان، خانقاہ چوک میر شکار ٹولہ، شاہی جامعہ مسجد قلعہ گھاٹ، مدرسہ حمیدیہ قلعہ گھاٹ کا احاطہ، اردو بازار، شیر محمد بھیگو، چک رحمت، میر غیاث چک، رحم خاں، بی بی پاکر مسجد عمر، دمدمہ، امام باڑی، مدرسہ امدادیہ، عبداللہ گنج، کرم گنج، چھوٹی قاضی پورہ، فضیلت کالونی، ایکمی گھاٹ، بلو پور، چانڈیہ، اوجھول، تارالاہی، ملکی چک، چندن پٹی، سارا موہن پور، بجلی، بیلا، چمپا باغ، مہدولی، پرانی منصفی مہیش پٹی آؤٹ ڈور مسجد وغیرہ سمیت تمام شہری و دیہی علاقوں میں عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کی گئی اور تمام نمازیوں نے ملک میں امن وامان قائم رکھنے کی اللہ تعالیٰ سے دعائیں کی ساتھ ساتھ اپنے ملک کے علاوہ دنیا کے دوسرے ممالک میں ہو رہے فسادات پر روک لگانے کے لیے اللہ تعالیٰ سے خصوصی دعائیں مانگی۔

حکومت آپریشن سندور سے متعلق عوام کو صحیح جانکاری دے: ایس ڈی پی آئی

نئی دہلی۔ (پریس ریلیز)۔ سوشیل ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا (SDPI) کے قومی جنرل سکریٹری الیاس محمد تمبے نے اپنے جاری کردہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ جموں اور کشمیر کے پہلگام گاؤں میں سیاحوں پر گھناؤنے دہشت گردانہ حملوں کے بعد، ہندوستان اور پاکستان کے درمیان دشمنی کے خاتمے کے ہفتوں بعد بھی، حکومت ہند ابھی تک فوجی کارروائی کی اصل نوعیت اور اس کے اثرات کے بارے میں بتانے سے انکار کر رہی ہے۔ دراصل، اہم اپوزیشن پارٹیوں کی طرف سے پارلیمنٹ کے خصوصی اجلاس کے مطالبے کو مرکزی حکومت نے مسترد کر دیا ہے۔ ملک کے اعلیٰ ترین قانون ساز فورم میں اس معاملے پر منصفانہ اور غیر جانبدارانہ بحث کے بجائے ملک کو اب تک جو کچھ ملا ہے وہ ایک بہری خاموشی ہے۔ یہ ہماری قومی سلامتی کے لیے سنگین تشویش کا معاملہ ہے۔ فوجی کارروائی کے بعد امریکہ سمیت مختلف بین الاقوامی طاقتوں نے ایٹمی تصادم سے گریز کرتے ہوئے اسے کسی نتیجے پر پہنچانے کا سہرا اپنے سر لیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی، جنہوں نے عوامی جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے فتح کا دعویٰ کیا ہے، امریکہ جیسی سامراجی طاقتوں کی جانب سے اس طرح کے دعووں کو مسترد کرتے ہوئے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ یہاں ایک اہم سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہندوستان اپنے دفاعی انتظامات میں امریکہ اور اسرائیل جیسی طاقتوں کے ساتھ کس حد تک تعاون کر رہا ہے۔ یہ ایک معروف حقیقت ہے کہ ہندوستان حالیہ برسوں میں خاص طور پر مرکز میں بی جے پی کے اقتدار سنبھالنے کے بعد امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ دفاعی معاملات میں زیادہ فعال رہا ہے۔ سب سے زیادہ پریشان کن بات یہ ہے کہ ہندوستانی عوام

کو درست معلومات فراہم کرنے میں ناکامی ہے، یہاں تک کہ اعلیٰ حکام فوجی تنازعہ کے بارے میں بین الاقوامی میڈیا سے بات کر رہے ہیں۔ لیکن ہندوستانی حکام ملک کو فوجی کارروائی میں ہونے والے نقصانات کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں دے رہے ہیں۔ چیف آف ڈیفنس اسٹاف نے ایک بین الاقوامی خبر رساں ایجنسی کو بتایا کہ ہندوستان کو کافی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا، جس میں کچھ انتہائی قیمتی لڑاکا طیارے بھی شامل ہیں۔ ایک اور پریشان کن پہلو حکومت کی اپوزیشن پارٹیوں سے مشاورت کرنے میں ناکامی ہے یہاں تک کہ جب انہوں نے غیر ممالک کے دورے کرنے والے پارلیمانی وفود کے لیے یکطرفہ طور پر اراکین کا انتخاب کیا۔ حکمران پارٹی کے سیاسی مفادات کے علاوہ انتخاب کا معیار کیا تھا؟ انہوں نے اپوزیشن پارٹیوں میں اختلافات کے بیج بونے اور معمولی سیاسی مفادات حاصل کرنے کے مقصد سے کچھ افراد کا انتخاب کیا۔ کیا حکومت کی طرف سے یہ درست ہے کہ وہ قومی بحران کو سیاسی فائدے حاصل کرنے کے موقع میں تبدیل کر دے، اور پسندیدہ افراد کو گھریلو سیاسی کھیلوں میں ان کی خدمات کے معاوضے کے طور پر تفریحی سفر کی پیشکش کی جائے۔

سنیئر ریزیڈنٹ کے 210 عہدوں کیلئے فارم 14 جون تک

اہلیت رکھنے والے خواہش مند امیدوار ضرور فارم بھریں: امتیاز احمد کریمی

پٹنہ (اسٹاف رپورٹر) آل انڈیا میڈیکل سائنس (ایمس) کلیانی مغربی بنگال) نے سنیئر ریزیڈنٹ کے 210 عہدوں پر بحالی کے لئے درخواست فارم طلب کئے ہیں۔ اس کے تحت ایمس کے مختلف محکموں میں کنٹریکٹ کی بنیاد پر زیادہ سے زیادہ تین سالوں کی مدت کے لئے بحالی ہوگی۔ اہل اور خواہش مند امیدوار اشتہار میں دئے گئے لنک پر کلک کرکے گوگل فارم کو بھر لیں اور طلب کئے گئے دستاویزات کو حتمی طور پر اپ لوڈ کر کے گوگل فارم کو سبمٹ کر دیں۔ فارم سبمٹ کرنے کی آخری تاریخ 14 جون ہے۔ پھر گوگل فارم کو پرنٹ کر کے تمام دستاویزات کے ساتھ مقررہ پتے پر انٹرویو کے لئے پہنچیں۔ یہ باتیں بہار پبلک سروس کمیشن کے سابق چیئرمین امتیاز احمد کریمی نے اہلیت رکھنے والے تعلیم یافتہ بے روزگار نوجوانوں کے مفاد میں بتائی ہیں۔ جناب کریمی نے بتایا کہ انٹرویو 1 جولائی سے 2 جولائی 2025 تک ہوں گے۔ امید وار ویب سائٹ https://aiimskalyani.edu.in پر جاکر آن لائن فارم بھرنے اور دیگر تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امیدوار کو فارم فیس کے طور پر 1000 روپے جمع کرنے ہوں گے۔ جب کہ ایس سی/ ایس ٹی طبقہ کے امید واروں کے لئے کوئی فیس نہیں ہے۔ امید وار کے پاس منظور شدہ یونیورسٹی/ ادارہ سے پی جی میڈیکل ڈگری ایم ڈی / ایم ایس یا ڈی این بی ڈگری ہونی چاہئے۔ ایم بی بی ایس کے بعد ہاسپیٹل ایڈمنسٹریشن میں ایم ڈی/ ایم ایس یا ڈپلومیٹ نیشنل بورڈ کی ڈگری ہو۔ امیدوار کی زیادہ سے زیادہ عمر 45 سال ہوسکتی ہے ریزرو کیٹوگری کے امیدواروں کے عمر کی حد میں ضابطے کے مطابق چھوٹ ہوگی۔ جناب کریمی نے کہا کہ اہل امیدوار ضرور فارم بھریں۔ دل وجان سے کمپیٹشن کی تیاری کریں۔ محنت سے کامیابی ملتی ہے۔ جناب کریمی نے کہا کہ طلبا وطالبات ہر طرح کے مقابلہ جاتی امتحان کے لئے خود کو تیار رکھیں۔ کوئی بھی مقالہ جاتی امتحان خواہ روز گار حاصل کرنے کے لئے ہو یا اعلیٰ تعلیم کے لئے داخلہ ٹسٹ ہو، آپ ضرور فارم بھریں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی طرح کی کامیابی کے لئے محنت اولین شرط ہے۔ محنت اور لگن سے ہر منزل آسان ہو جاتی ہے۔ آپ دل وجان سے محنت کریں۔ محنت سے ہی کامیابی ملتی ہے۔ ہماری دعائیں اور نیک تمنائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

چترکوٹ: ٹرکٹر-ٹرالی پلٹنے سے ایک کی موت، تین زخمی

چترکوٹ: 09 جون (یو این آئی) اتر پردیش کے ضلع چترکوٹ کے تھانی ریپورا کے تحت آج ایک تیز رفتار ٹرکٹر-ٹرالی نے بے قابو ہوکر پلٹنے سے ٹرکٹر- ڈرائیور راجیش کمار کی موت ہوگئی جبکہ اسکی بیوی سنیتا اور دو بچے شدید طور سے زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع سے ملی جانکاری کے مطابق متوفی اپنی سسرال گرالودھورا سے بارات کر کے واپس اپنے گھر بریا آرہا تھا تبھی راستے میں ریپورا علاقے کے رام نگر گئو شالا کے نزدیک ٹرکٹر- ٹرالی پلٹ گئی۔ زخمیوں کو کمیونٹی ہیلتھ سنٹر میں داخل کرایا گیا جہاں سبھی کو ضلع اسپتال کے لئے ریفر کر دیا گیا۔ متوفی کی بیوی سنیتا اور ایک بچے کی حالت نازک ہے۔

متھلانچل میں عیدالاضحیٰ مذہبی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی

جالے: محمد رفیع ساگر۔ متھلانچل کے جالے، سنگھواڑہ، کیوٹی، صدر، بہادر پور، ہنومان نگر، حیا گھاٹ، گھنشیام پور، بہیڑہ، بہیڑی، بیرول، تاراڈیہہ، کرت پور سمیت دیگر دیہی علاقوں میں عیدالاضحیٰ کا تہوار سخت حفاظتی انتظامات کے درمیان مذہبی جوش وخروش اور عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔ علی الصبح مسلمانوں نے عیدگاہوں اور مساجد میں سنتِ ابراہیمی کی یاد میں نمازِ عید ادا کی اور اس کے بعد قربانی کا فریضہ انجام دیا۔ جالے کی مرکزی عیدگاہ اور دوگھرا کے مشرقی ومغربی عیدگاہ میں بھی ہزاروں افراد نے شرکت کی اور اجتماعی دعا میں ملک میں امن، بھائی چارے اور امتِ مسلمہ کی فلاح کے لیے دعائیں کی گئیں۔ اس موقع پر دوگھرا مشرقی عیدگاہ میں مولانا عبدالمغنی شمسی اور جالے کی مرکزی عیدگاہ میں دارالعلوم سبیل الفلاح جالے کے معتمد رابطہ عامہ مولانا مظفر احسن رحمانی نے خطبہ دیتے ہوئے کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں حضرت ابراہیمؑ کی اطاعت، قربانی اور خلوص کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قربانی صرف جانور ذبح کرنے کا عمل نہیں، بلکہ اپنے نفس، خواہشات اور دنیاوی لالچ کو اللہ کی رضا پر قربان کرنے کا جذبہ ہے۔ مولانا نے کہا کہ اگر ہم قربانی کی اصل روح کو اپنائیں تو معاشرے سے ناانصافی، خودغرضی اور ظلم وفساد کا خاتمہ ممکن ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو دین سے جڑنے اور معاشرتی اصلاح کی تحریک میں شامل ہونے کی ترغیب دی۔ جالے مرکزی عیدگاہ میں اس موقع پر وقف کی املاک کے تحفظ کا مسئلہ بھی نمایاں رہا۔ مرزا قاری نصیر احمد بیگ نے اپنے خطاب میں وقف ترمیمی ایکٹ پر بات کرتے ہوئے کہا کہ مدارس، مساجد، قبرستان اور یتیم خانے وقف کی دین ہیں، جن کا تحفظ امت کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض سرکاری وغیر سرکاری عناصر کی جانب سے وقف کی جائیدادوں پر قبضے اور قانونی کمزوریوں کا فائدہ اٹھایا جا رہا ہے، جس کے خلاف مسلمانوں کو آئینی، جمہوری اور پرامن طریقے سے آواز اٹھانی چاہیے۔ نماز کے بعد فرزندان توحید نے قربانی کی رسم ادا کی۔ غرباء اور ضرورت مندوں میں گوشت تقسیم کیا۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر پولیس انتظامیہ کی جانب سے مقامی عیدگاہوں اور حساس مقامات پر سیکورٹی کے مناسب انتظامات کیے گئے تھے۔ تہوار مجموعی طور پر پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوا۔

ضلع بھر میں فرزندان توحید نے عیدالاضحیٰ کا تہوار جوش وخروش کے ساتھ منایا

کٹیہار محمد مرشد عالم 8 جون 2025 ضلع بھر میں فرزندان توحید نے عید الاضحیٰ کا تہوار جوش وخروش کے ساتھ منایا۔ ضلع کے دیہی علاقوں اور شہری علاقوں میں مسلمانوں نے پر امن ماحول میں اپنے مذہبی عقیدت کے ساتھ روایتی انداز میں عیدالاضحیٰ کا تہوار منایا۔ شہر کے عیدگاہوں اور جامع مساجد میں عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کی گئی۔ اور لوگوں نے نماز کے بعد اپنے اپنے جانوروں کی قربانی دی اور ایک دوسرے کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دیے۔ ادھر سلیمان نگر ڈھریا بھٹا کی جامع مسجد میں بھی مسلمانوں نے جوش و ولولہ کے ساتھ عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کی۔ جسے حافظ احسان بدر نے پڑھائی۔ شہر کے رامپاڑہ عیدگاہ میں مولانا بدرالدجیٰ نے عیدالاضحیٰ کی نماز پڑھائی اور لوگوں کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دی۔ اس سے قبل انہوں نے سیدنا حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عظیم الشان ایثار وقربانی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے لخت جگر کو اللہ کی راہ میں قربان کرنے کے لیے تیار ہو گئے۔ انہوں نے مسلمانوں کو تہوار کے دوران زیادہ سے زیادہ احتیاط برتنے کی اپیل کی۔ مولانا بدر الدجیٰ نے امارت شرعیہ بہار کے زریعہ آئندہ 29 / جون کو وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کے خلاف پٹنہ کے گاندھی میدان میں ہونے والی عظیم الشان کانفرنس کو کامیاب بنانے اور اس میں شرکت کی اپیل کی۔ اس موقع پر خاص طور سے ماسٹر عثمان غنی، ڈاکٹر داؤد رضا، الحاج محبوب عالم، عبدالعزیز، صابر انصاری، محمد رمضانی، انوارالحق، حاجی غلام حیدر، محمد سراج وغیرہم سمیت سینکڑوں فرزندانِ توحید موجود تھے۔ ادھر رامپاڑہ عیدگاہ قبرستان کمیٹی اور جماعت اسلامی ہند کٹیہار یونٹ نے لوگوں سے پر امن ماحول میں تہوار منانے کی اپیل کرتے ہوئے لوگوں کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دی۔ ادھر جامع مسجد منگل بازار میں خطیب وامام مولانا مرغوب، جامع مسجد رامپاڑہ میں مولانا ظفر حسین لطیفی، کدوا مسجد میں نائب قاضی مفتی عبدالحق اور مدینہ مسجد رامپاڑہ چوک پر مولانا ابوبکر نے عیدالاضحیٰ کی نماز پڑھائی۔ مدرسہ دارالعلوم لطیفی کی مسجد اور للیا ہی عیدگاہ میں بھی عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کی گئی۔ اس دوران ضلع انتظامیہ کی جانب سے شہر کے چوک چوراہوں اور نکڑ پر سیکورٹی کے سخت اور بہتر نظم دیکھے گئے۔

گلمرگ میں فوجی اہلکار کی مبینہ خودکشی

سری نگر، 9 جون (یو این آئی) شمالی کشمیر کے مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں تعینات ایک فوجی اہلکار نے اپنی سروس رائفل سے خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کیا۔ اطلاعات کے مطابق گلمرگ میں تعینات فوجی اہلکار نے مبینہ طور پر اپنی ہی سروس رائفل سے گولیاں چلا کر زندگی کا خاتمہ کیا۔ متوفی کی شناخت لانس نائیک بنور لال سرن ساکن راجستھان کے بطور کی گئی ہے۔ حکام نے بتایا کہ اہلکار نے اتوار کی رات اپنی سروس رائفل سے خود کو گولی ماردی، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ساتھی اہلکاروں نے اُسے فوری طور پر سب ڈسٹرکٹ اسپتال ٹنگمرگ منتقل کیا، جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دیا۔ پولیس نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ضابطے کی کارروائی مکمل کی جارہی ہے اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے بعد قانونی لوازمات کی تکمیل کے لیے متعلقہ حکام کے حوالے کیا جائے گا۔ تاحال خودکشی کی وجہ سامنے نہیں آسکی ہے۔

دربھنگہ کے مدارس ملحقہ کے فوکل اساتذہ کی ریفریش ٹریننگ کا آغاز 12 جون سے: سکریٹری مدرسہ بورڈ

پٹنہ 09 جون 2025، سکریٹری مدرسہ بورڈ نے، اطلاع دی ہے کہ بہار کے ملحقہ تقریباً 4 ہزار مدارس کے اساتذہ کو آفات وانتظامات کی ٹریننگ دی جا چکی ہے۔ اساتذہ کے لئے ریفریش ٹریننگ پروگرام کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اس ٹریننگ میں دربھنگہ کے ملحقہ مدارس کے 50 فوکل اساتذہ کی دو روزہ آفات و انتظامات کی ٹریننگ کا آغاز مورخہ 12.06.2025 سے ہوگا اور مورخہ 13.06.2025 تک انجمن ترقی اردو بہار، اردو بھون، دوسری منزل، اشوک راج پتھ، پٹنہ 04۔ میں ٹریننگ کا سلسلہ جاری رہے گا۔ فوکل اساتذہ کے لئے طعام وقیام کا بہتر نظم ہے۔ درج ذیل مدارس کے صدر مدرسین کو ہدایت دی جاتی ہے کہ اپنے اپنے مدرسہ کے عصری علوم (ماسٹر گروپ) کے صرف ایک استاد کو لازمی طور پر ٹریننگ میں شرکت کیلئے ٹریننگ کی تاریخ سے ایک دن قبل یعنی 11.06.2025 کو پٹنہ کیلئے روانہ کریں بنات مدرسہ میں ملازمت کر رہی ملازمہ کو بھی ٹریننگ کے لئے نامزد کریں۔ بصورت دیگر صدر مدرس خود تشریف لائیں، تاکہ مذکورہ تاریخ کو بوقت: 4:00 بجے شام اپنی جوائننگ دے سکیں۔ مزید تفصیلات کیلئے 9155078903۔ پر رابطہ کریں۔ مدارس کے نام حسب ذیل ہیں۔ **ضلع۔ دربھنگہ** مدرسہ اسلامیہ، مقام مدھولی پوسٹ سوبھانکر پور دربھنگہ 202۔ مدرسہ سعیدیہ سخانت المصطفی مقام اسلام پور کھٹھرا، پوسٹ تنگھا دربھنگہ، 203۔ مدرسہ مدینۃ العلوم، مقام و پوسٹ کوٹھ بنا، دربھنگہ 209۔ مدرسہ حسینیہ مقام و پوسٹ کھروا دربھنگہ 212۔ مدرسہ مدینۃ العلوم، مقام بدول، چوٹائی پٹی دربھنگہ 213۔ مدرسہ رضائے مصطفی مقام وپوسٹ گورا گھاٹ دربھنگہ 214۔ مدرسہ انوار الاسلام مقام و پوسٹ ارسلا دربھنگہ 216۔ مدرسہ دارالعلوم، مقام جگتر پوسٹ چٹائی پٹی وایا ریام فیکٹری دربھنگہ 217۔ مدرسہ ظہیر الاسلام مقام کیوٹی دربھنگہ 218۔ مدرسہ رفیق العلوم مقام وپوسٹ موبیہت وایا منی گاچھی دربھنگہ 220۔ مدرسہ اسلامیہ مقام بسنت پور پوسٹ اوگھروا دربھنگہ 221۔ مدرسہ نور الاسلام مقام و پوسٹ نیا گاؤں وایا کیوٹی رنوے دربھنگہ 222۔ مدرسہ دار العلوم مقام وپوسٹ بردی پور وایا کنسی سمری دربھنگہ 223۔ مدرسہ حسینیہ مقام چندن پٹی پوسٹ راگھوپور دربھنگہ 227۔ مدرسہ تعلیم القرآن مقام پوسٹ 80 وایا برول دربھنگہ 228۔ مدرسہ اصلاح المسلمین مقام علی نگر پوسٹ لال باغ دربھنگہ 229۔ مدرسہ عظم العلوم مقام دواران دربھنگہ 235۔ مدرسہ اسلامیہ دربھنگہ 236۔ مدرسہ نعمت العلوم مقام و پوسٹ کوٹھیہ وایا پنڈارچ دربھنگہ 237۔ مدرسہ جامعہ اسلامیہ مقام کینسہ پوسٹ جیکسن جمال پور وایا بیرول دربھنگہ 239۔ مدرسہ دارالعلوم مقام اودنیہ پوسٹ مرزاپور وایا سنگھیہ دربھنگہ 240۔ مدرسہ رحمانیہ مقام و پوسٹ رسول پور وایا حیا گھاٹ دربھنگہ 242۔ مدرسہ تعلیم القرآن مقام بیکھو پور پوسٹ لہریا سرائے دربھنگہ 243۔ مدرسہ اشفیہ مقام کہووا پوسٹ کوتھرام، وایا بیرول دربھنگہ 244۔ مدرسہ عثمانیہ مقام اکبر پور پوسٹ آنند پور دربھنگہ 246۔ مدرسہ قاسم العلوم مقام بلہا پوسٹ بھوسکھور دربھنگہ 249۔ مدرسہ جمالیہ مقام و پوسٹ محی ءالدین پور پکری دربھنگہ 252۔ مدرسہ فیض العلوم مقام باجد پور پوسٹ کوٹھیہ دربھنگہ 254۔ مدرسہ نور الاسلام مقام برداہا پوسٹ بورم دربھنگہ 257۔ مدرسہ فضل رحمانی مقام بنولی دربھنگہ 259۔ مدرسہ نورالاسلام مقام بیلہا پوسٹ بیلہا آنند پور وایا بہادر پور دربھنگہ 260۔ مدرسہ جمالیہ مقام محی ءالدین پکری وایا بینی پور دربھنگہ 267۔ مدرسہ اسلامیہ مقام سورج پور پوسٹ ریام فیکٹری دربھنگہ 268۔ مدرسہ گلزاریہ مقام راجو پوسٹ و وایا منی گاچھی دربھنگہ 275۔ مدرسہ احسن الغرباء مقام سمراؤں وایا منی گاچھی دربھنگہ 276۔ مدرسہ محمودیہ مقام وپوسٹ ککھورہا وایا منی گاچھی دربھنگہ 277۔ مدرسہ اسلامیہ بریل پوسٹ رتن پور وایا کمتول دربھنگہ 280۔ مدرسہ امجدیہ مقام دیلاہی پوسٹ دیلاہی دربھنگہ 283۔ مدرسہ ندی ءالعلوم مقام و پوسٹ ہریت دربھنگہ 285۔ مدرسہ نوریہ رضویہ مقام رسول پور نشاط ٹولہ نورگنج پوسٹ کڑاوایا رتن پور ردبھنگہ 286۔ مدرسہ عزیزیہ مقام پکلا بازار پوسٹ جوگیرا پتور دربھنگہ 288۔ مدرسہ منت العلوم مقام کومائی پوسٹ ناری دربھنگہ 290۔ مدرسہ قاسمیہ مقام پریم جیوار پوسٹ لہریا سرائے دربھنگہ 291۔ مدرسہ ریاض العلوم مقام مرزاپور پوسٹ و وایا جالے دربھنگہ 294۔ مدرسہ فضیلۃ النور محمدیہ مقام پوسٹ ملکی چک دربھنگہ 296۔ مدرسہ مظہر العلوم مقام و پوسٹ کٹرول وایا جالے دربھنگہ 298۔ مدرسہ قدرتیہ مقام بیشن پور کیوار پوسٹ ریام فیکٹری دربھنگہ 301۔ مدرسہ انوار العلوم مقام بھگراسی پوسٹ کوٹھرام وایا بیرول دربھنگہ 303۔ مدرسہ شرف العلوم مقام سرائے حامد پوسٹ حیا گھاٹ دربھنگہ 304۔ مدرسہ حسینہ مقام و پوسٹ بیرول دربھنگہ 305۔ آخر میں عبدالسلام انصاری سکریٹری، مدرسہ بورڈ نے متعلقہ درج بالا مدارس کے صدر المدرسین وسکریٹری حضرات کو اطلاع دیتے ہوئے ہدایت دی ہے کہ اپنے اپنے مدرسے سے ایک عصری علوم کے استاد یا صدر مدرس / انچارج صدر مدرس بذات خود اس ٹریننگ پروگرام میں لازمی طور پر شرکت کریں۔ ساتھ ہی بنات مدرسہ کی خاتون معلمہ کو شرکت کی اجازت دی جائے، اس پروگرام میں شرکت کیلئے آمد ورفت کا کرایہ ادا کیا جائے گا۔ سبھی لوگ اپنے ساتھ آدھار کارڈ اور بینک پاس بک کی عکسی کاپی ضرور لائیں گے۔

نو نامزد چیئرمین مدرسہ بورڈ سلیم پرویز کا پٹنہ ایئرپورٹ پر استقبال

پٹنہ، 9 / جون، سلیم پرویز سابق چیئرمین بہار قانون ساز کونسل و بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ پٹنہ پر پھر سے وزیر اعلی بہار جناب نتیش کمار نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ایک بار پھر سے بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ پٹنہ کا چیئرمین نامزد کیا ہے۔ یہ باتیں سکریٹری بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ پٹنہ نے پٹنہ ایئرپورٹ پر جناب سلیم پرویز کا زوردار استقبال کرنے کے بعد کہا۔ چیئرمین بننے کے بعد آج پہلی بار سلیم پرویز پٹنہ پہنچے ہیں جہاں سکریٹری بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ پٹنہ و ڈپٹی ڈائریکٹر سکینڈری ایجوکیشن بہار جناب عبدالسلام انصاری کی رہنمائی میں مدرسہ بورڈ کے عہدیداران و سماجی ملی رہنماؤں نے زوردار استقبال کیا۔ استقبال کرنے والوں میں جناب عبدالسلام انصاری کے ساتھ ڈاکٹر نور اسلام علیگ، رفیع الھدیٰ، رضوان الاسلام وغیرہ شامل تھے۔

ایمنسٹی انٹرنیشنل نے زبردستی لاپتہ بلوچ طلبہ کی رہائی کا مطالبہ کیا

بلوچستا۔ 9/جون۔ ایم این این۔ انسانی حقوق کی دوسرکردہ تنظیموں نے پاکستانی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بلوچ طلبہ کو فوری طور پر رہا کریں جنہیں مبینہ طور پر جبری گمشدگی کا نشانہ بنایا گیا ہے، اور متنبہ کیا ہے کہ یہ مقدمات بلوچستان اور ملک کے دیگر حصوں میں نسلی بلوچ نوجوانوں کے خلاف "ایک منظم مہم" کی عکاسی کرتے ہیں۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنے جنوبی ایشیا کے دفتر سے جاری کردہ ایک بیان میں بلوچستان یونیورسٹی کی طالبہ ماہ جبین بلوچ کے معاملے کو اجاگر کیا جو 29 مئی سے لاپتہ ہے۔ اس کے بھائی یونس بلوچ کو مبینہ طور پر پانچ دن قبل سکیورٹی فورسز نے جبری طور پر لاپتہ کر دیا تھا۔ ایمنسٹی نے کہا، "کوئٹہ میں مظاہروں کے بعد حکام کی جانب سے طلبا پر پابندیاں تیز ہوگئی ہیں، جس کے نتیجے میں مہرنگ بلوچ سمیت بلوچ کارکنوں کو گرفتار کیا گیا۔ انٹرنیشنل ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن نے بھی اس پر تشویش کا اظہار کیا جسے اس نے "نسلی بلوچ نوجوانوں کے خلاف منظم مہم" کہا۔ اس نے انہی معاملات کا حوالہ دیا اور خبردار کیا کہ گمشدگیاں "فوجی زیر قیادت حکومت کی جانب سے بلوچ طلباء کو مسلسل نشانہ بنائے جانے" کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ دونوں گروپوں نے بلوچ طلباء کی گمشدگیوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ ایمنسٹی نے عینی شاہدین کے بیانات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا، "جاوید مسافر بلوچ، جو کراچی یونیورسٹی میں قانون کا طالب علم ہے، 23 اپریل کو کراچی میں ان کی رہائش گاہ پر پولیس اور محکمہ انسداد دہشت گردی کے اہلکاروں کے چھاپے کے بعد سے لاپتہ ہے۔" اس میں مزید کہا گیا کہ ایک اور طالب علم گوہرام اسحاق کو 24 اپریل کو سول ہسپتال کوئٹہ کے باہر سے اٹھایا گیا تھا۔ اس کا ٹھکانہ بھی نامعلوم ہے۔ انٹرنیشنل ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن نے الزام لگایا کہ چھاپوں اور جبری گمشدگیوں کے پیچھے پاکستان کی خفیہ ایجنسی آئی ایس آئی کا ہاتھ ہے۔ ایمنسٹی نے کہا کہ جبری گمشدگیوں کا عمل" پاکستان کی بین الاقوامی انسانی حقوق کی ذمہ داریوں کے منافی ہے" اور حکام پر زور دیا کہ وہ "فوری، مکمل اور موثر تحقیقات کریں"، طلباء کے ٹھکانے کا انکشاف کریں اور انہیں فوری طور پر رہا کریں۔ انٹرنیشنل ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن نے مزید کہا، "مجرموں کو منصفانہ ٹرائل میں احتساب کا سامنا کرنا چاہیے۔ اس طرح کے اقدامات بین الاقوامی قانون کے تحت پاکستان کے وعدوں کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔

چین نے بنگلہ دیش کو غلط معلومات سے نمٹنے میں مدد کی پیشکش کی

ڈھاکہ۔ 9/جون۔ ایم این این۔ چین نے باضابطہ طور پر بنگلہ دیش کو اس کے سیاسی منظر نامے کو نشانہ بنانے والی غلط معلومات کی مہموں کا مقابلہ کرنے میں مدد کرنے کی تجویز پیش کی ہے، خاص طور پر جو عالمی میڈیا پلیٹ فارمز پر گردش کر رہی ہیں اور پچھلے سال کی عوامی بغاوت کے بعد۔ یہ پیشکش، بنگلہ دیش کے انفارمیشن ایڈوائزر کو چینی سفیر کی طرف سے ایک خط کے ذریعے دی گئی، غلط معلومات سے نمٹنے کے لیے ایک باہمی تعاون کی تجویز پیش کرتی ہے، جس میں ممکنہ طور پر حکمت عملیوں کے تبادلے کے لیے ایک مشترکہ سیمینار شامل ہے۔ بنگلہ دیشی حکومت، جو اس وقت محمد یونس کی قیادت میں ایک عبوری انتظامیہ کے تحت ہے، حکومت مخالف پروپیگنڈے کے بارے میں تشویش کا اظہار کر رہی ہے جو مبینہ طور پر بعض میڈیا یا اداروں، خاص طور پر بھارت میں، اور سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلائے گئے ہیں۔ تجزیہ کار اس اقدام کو جنوبی ایشیا میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانے اور بنگلہ دیش میں چین کے وسیع تر اسٹریٹجک مفادات سے ہم آہنگ ہندوستان کے علاقائی تسلط کا مقابلہ کرنے کے لیے چین کی جانب سے نرم طاقت کے ہتھکنڈے کے طور پر دیکھتے ہیں۔ تعاون کی تجویز چین کے ساتھ تعلقات کو مضبوط کرنے کے لیے بنگلہ دیش کی جانب سے تیز تر کوششوں کے درمیان سامنے آئی ہے، بشمول حالیہ اعلیٰ سطحی دوروں، تحائف کا تبادلہ) ※ میگو ڈپلومیسی ※)، اور مختلف شعبوں پر محیط متعدد دو طرفہ معاہدوں پر دستخط، جو کہ علاقائی اتحاد میں ممکنہ تبدیلی کا اشارہ ہے۔

امریکی سکالر کرسٹین فیئر نے واشنگٹن میں پاکستان کی پالیسی گیمز کو بے نقاب کیا

واشنگٹن - 9/ جون۔ ایم این این۔ امریکہ اور پاکستان کے تعلقات کے ایک فکر انگیز تجزیے میں، ممتاز امریکی اسکالر ڈاکٹر کرسٹین فیئر نے اس بات پر روشنی ڈالی ہے کہ پاکستان کس طرح واشنگٹن کے ساتھ مضبوط فوجی اور مالی تعلقات برقرار رکھنے کا انتظام کرتا ہے۔ جنوبی ایشیائی سلامتی اور پاکستان کی فوجی حکمت عملیوں کی ماہر ڈاکٹر فیئر نے واشنگٹن میں ہندوستانی سفارت خانے کے ایک اہلکار کے استفسار کے جواب میں اپنی بصیرتیں پیش کیں۔ مرکزی سوال: پاکستان کو امریکہ سے اربوں کی امداد اور فوجی امداد کیوں ملتی ہے؟ ڈاکٹر فیئر کے مطابق، جواب ایک حسابی دوہرے میں مضمر ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ پاکستان ایک جوہری ہتھیاروں سے لیس خطرے کے طور پر کام کرتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ پراکسیوں کے نیٹ ورک کے ذریعے دہشت گردی کی سرپرستی کرتا ہے۔ اس نے کہا کہ اس تضاد کو نہ صرف برداشت کیا جاتا ہے بلکہ کئی طریقوں سے انعام دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حکمت عملی کا ایک اہم جزو اس کا نرم طاقت کا موثر استعمال ہے جسے خارجہ پالیسی کے تجزیہ میں اکثر کم سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان امریکی پالیسی کے حلقوں میں احتیاط سے کی گئی کوششوں کے ذریعے خیرسگالی کو فروغ دیتا ہے جس میں سفارتی توجہ، فراخدلی سے مہمان نوازی اور دورہ کرنے والے عہدیداروں کے لیے فوجی سیاحت شامل ہے۔ فیئر نے کہا، "یہ حادثاتی شائستگی نہیں ہیں۔ "یہ امریکی پالیسی سازوں اور بیوروکریٹس کے درمیان ایک سازگار بیانیہ تیار کرنے کے لیے دانستہ طور پر تیار کیے گئے ہتھکنڈے ہیں، جن میں سے بہت سے اپنے کردار میں مخلص ہیں لیکن اکثر خطے کی حرکیات کے بارے میں باریک بینی سے آگاہ نہیں ہوتے ہیں۔" فیئر نے اس بات پر زور دیا کہ اس حکمت عملی نے پاکستان کو اپنی زیادہ خطرناک سرگرمیوں کو تعاون اور مشترکہ مفادات کے پیچھے چھپانے کی اجازت دی ہے۔ ان کا تجزیہ بتاتا ہے کہ اسلام آباد کی بیرون ملک اپنی شبیہہ بنانے میں کامیابی اس کے دلائل کی مضبوطی کی وجہ سے نہیں ہے، بلکہ واشنگٹن میں ادارہ جاتی یادداشت اور علاقائی مہارت کی کمزوری ہے۔ ایک تیز مشاہدے میں، فیئر نے نشاندہی کی کہ پاکستان کی دہائیوں پر محیط کوشش امریکی پالیسی پر اثر انداز ہونے کے لیے ایک "ہاؤ ٹو مینوئل" کے مترادف ہے۔ جب کہ پاکستان کے ساتھ امریکی مشغولیت پر بحث جاری ہے، فیئر کے ریمارکس ایک بروقت یاد دہانی کے طور پر کام کرتے ہیں کہ جغرافیائی سیاست اکثر ادراک کے بارے میں اتنی ہی ہوتی ہے جتنی حقیقت کے بارے میں ہوتی ہے۔ اور اس میدان میں پاکستان ایک شاندار کھیل کھیلتا دکھائی دیتا ہے۔

جہادی گروپوں کی حمایت میں پاک فوج کا تعاون

اسلام آباد۔ 9/جون۔ ایم این این۔ 6-7 مئی 2025 کو، بھارت نے پاکستان اور پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر میں نو مقامات کو نشانہ بناتے ہوئے میزائل حملے شروع کیے، جو جیش محمد، لشکر طیبہ، اور حزب المعروف سمیت مختلف جہادی دہشت گرد تنظیموں کے تربیتی مراکز اور ٹھکانے کے طور پر کام کرتے تھے۔ یہ سائٹس، جو کئی دہائیوں سے کام کر رہی ہیں، دہشت گردی کے لیے پاکستان کی جانب سے غیر ریاستی عناصر کے استعمال کو نمایاں کرتی ہیں، جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ پاکستانی فوج ان گروہوں کی مالی معاونت، تربیت اور دیگر ذرائع سے مدد کر رہی ہے۔ نشانہ بنائے گئے مقامات میں تربیتی کیمپ اور مساجد شامل ہیں، جیسے شوائی نالہ کیمپ، جو 2008 کے ممبئی حملوں میں ملوث ڈیوڈ کولمین ہیڈلی سمیت دہشت گردوں کو تربیت دینے میں اپنے کردار کے لیے جانا جاتا ہے۔ بعض مقامات پر قرآنی آیات کی موجودگی، جیسے کہ بلال شوائی مسجد، اور مقتول دہشت گردوں کے جنازوں میں اعلیٰ سطحی پاکستانی فوجی افسران کی شرکت پاکستانی فوج اور ان گروہوں کے درمیان گہرے تعلق کو مزید واضح کرتی ہے۔ ہندوستان کے آپریشن سندھور فضائی حملوں میں کئی دہشت گرد مارے گئے، اور بعد میں آنے والی تصاویر میں پاکستان کے اعلیٰ فوجی حکام کو ان کے جنازوں میں شرکت کرتے ہوئے دکھایا گیا، جو عالمی دہشت گردی میں پاکستان کے ملوث ہونے کے ناقابل تردید ثبوت فراہم کرتے ہیں۔ پاکستانی حکومت کی جانب سے ان اہلکاروں کے ملوث ہونے کی تردید، بشمول یہ دعوے کہ دہشت گرد کے طور پر شناخت کیے گئے افراد محض مذہبی رہنما تھے، پاکستان کے اقدامات کی فریب کاری کی نوعیت کو مزید اجاگر کرتا ہے۔ بہاولپور میں جیش محمد کے ہیڈکوارٹر پر ہندوستانی میزائل حملے میں متعدد دہشت گرد مارے گئے، اور بعدازاں پاکستانی فوجی افسران کا ہسپتال میں زخمی دہشت گردوں کا دورہ ان جہادی گروپوں کی حمایت میں پاکستانی فوج کی شراکت کی مزید تصدیق کرتا ہے۔

ہانگ کانگ کے قیدی کارکن جوشوا وونگ کو غیر ملکی ملی بھگت کے نئے الزام کا سامنا

ہانگ کانگ۔ 9/جون۔ ایم این این۔ ہانگ کانگ کے سب سے ممتاز جمہوریت نواز کارکنوں میں سے ایک، جوشوا وونگ کو جمعہ کو جیل سے عدالت پہنچایا گیا اور اس پر غیر ملکی افواج کے ساتھ ملی بھگت کا الزام لگایا گیا، جس کی زیادہ سے زیادہ سزا عمر قید ہے۔ 28 سالہ وونگ پہلے ہی بغاوت کے جرم میں چار سال اور آٹھ ماہ کی سزا کاٹ رہا ہے۔ فی الحال وہ اب سے تقریباً ڈیڑھ سال بعد رہائی پانے والا ہے۔ اگر نئے الزام میں قصوروار پایا جاتا ہے تو اس کی قید میں توسیع ہوسکتی ہے۔ وونگ شہر میں اب ختم ہونے والی جمہوریت کی تحریک کے سب سے زیادہ بین الاقوامی سطح پر پہچانے جانے والے چہروں میں سے ایک ہے۔ وہ ہانگ کانگ کے ان 45 اپوزیشن سیاست دانوں اور جمہوریت کے حامی کارکنوں میں شامل تھا جنہیں 2020 کے موسم گرما میں جمہوری پرائمری میں حصہ لینے کے لیے شہر کے 2020 کے قومی سلامتی قانون کے تحت "تبدیلی کی سازش" کے جرم میں سزا سنائی گئی تھی۔ وونگ جمعہ کی سہ پہر ویسٹ کولون مجسٹریٹس کی عدالتوں میں نیوی بلیو شرٹ پہنے پیش ہوئے۔ وہ اچھی روحوں میں نمودار ہوا۔ عدالت کے کلرک نے چارج پڑھ کر سنانے کے بعد، وونگ نے جواب دیا، "سمجھ گیا" اور ہاتھ ہلایا اور حامیوں کو سر ہلایا جب وہ چلا گیا۔ پوری سماعت تقریباً تین منٹ تک جاری رہی۔ اس پر "قومی سلامتی کو خطرے میں ڈالنے کے لیے غیر ملکی یا بیرونی قوتوں کے ساتھ گٹھ جوڑ کرنے کی سازش" کا الزام لگایا گیا تھا۔ اس پر خاص طور پر 2020 میں جلاوطن کارکن نیتھن لا اور دیگر کے ساتھ سازش کرنے کا الزام تھا۔ مزید تفتیش کے لیے کیس کی سماعت 8 اگست تک ملتوی کر دی گئی، اور وونگ نے ضمانت کے لیے درخواست نہیں دی اور وہ زیر حراست رہے گا۔ اسے درخواست داخل کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ عدالت کے باہر درجنوں وردی پوش اہلکار تعینات تھے۔ پولیس نے قریبی چوراہوں پر رکاوٹیں کھڑی کیں اور گاڑیوں کو روکنے کے لیے پولس کتے تلاشی کے لیے تعینات کیے گئے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کی چائنہ ڈائریکٹر سارہ بروکس نے کہا: "یہ نیا الزام حکام کے ممتاز اختلاف رائے رکھنے والوں کے خوف اور انہیں زیادہ سے زیادہ عرصے تک بند رکھنے کے لیے جو کچھ کرنا پڑے وہ کرنے کے لیے ان کی رضامندی کو واضح کرتا ہے۔" غیر سرکاری ہانگ کانگ ہیومن رائٹس انفارمیشن سینٹر نے جمہوریت کے حامی رہنماؤں کے خلاف سیاسی طور پر حوصلہ افزائی کرنے والے قانونی چارہ جوئی کے لیے قومی سلامتی کے قانون کے تزویراتی غلط استعمال کی مذمت کی۔ گروپ نے کہا کہ نئے چارج کا وقت مبینہ واقعات کے تقریباً پانچ سال بعد جیسا کہ واضح طور پر سزا میں کسی بھی طرح کے اوور لیپ سے بچنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، اس طرح وونگ کا جیل میں زیادہ سے زیادہ وقت گزرتا ہے۔ وونگ ایک دہائی سے بھی زیادہ عرصہ قبل طلبہ کی زیر قیادت مظاہروں کے دوران نمایاں ہوا۔ وہ 2019 میں جمہوریت کی بڑی ریلیوں میں بھی شامل ہوئے جس نے قومی سلامتی کے قانون کے نفاذ کو متحرک کیا۔ چین کا کہنا ہے کہ نظم ونسق برقرار رکھنے کے لیے قانون کی ضرورت ہے۔ اس نے سیاسی اختلاف کے خلاف کریک ڈاؤن کیا ہے اور علاقے میں ایک بار متحرک سول سوسائٹی کو کچل دیا ہے۔

فلپائن نے چین کی نئی خاموش جنوبی بحیرہ چین کی حکمت عملی کو اجاگر کیا

منیلا۔ 9/جون۔ ایم این این۔ جب مئی کے اواخر میں ایک چینی کوسٹ گارڈ کا بحری جہاز زامبلیس صوبے کے ساحل سے نمودار ہوا، تو اس نے گولی نہیں چلائی اور نہ ہی کوئی خطرہ جاری کیا۔ اس کے بجائے، یہ ڈھل گیا بن بلائے، خاموش اور بے حرکت۔ منیلا کے تجزیہ کاروں کے لیے، پیغام بلند اور واضح تھا: بیجنگ بحیرہ جنوبی چین میں نئے حربوں کی جانچ کر رہا ہے، ایک وقت میں ایک خاموش دراندازی۔ کوسٹ گارڈ کے جہاز کا پتہ پالاوگ پوائنٹ سے تقریباً 76 ناٹیکل میل (140 کلومیٹر (دور پایا گیا تھا- فلپائن کے خصوصی اقتصادی زون کے اندر اور سکاربوروشوال سے تقریباً 220 کلومیٹر جنوب مشرق میں۔ جواب میں، فلپائنی کوسٹ گارڈ نے چینی بحری جہاز کو روکنے کے لیے ایک 44 میٹر (144 فٹ (گشتی جہاز تعینات کیا، مغربی فلپائنی سمندر میں کوسٹ گارڈ کے آپریشنز کے ترجمان کموڈور جے ٹیریلا کے مطابق، منیلا کی اصطلاح اپنے جنوبی بحیرہ چین خصوصی اقتصادی زون کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ "گزشتہ رات سے، فلپائنی کوسٹ گارڈ نے چین کے کوسٹ گارڈ کے جہاز کی موجودگی کو چیلنج کرنے کے لیے زمبیلس کے ساحل سے ملٹی رول رسپانس بحری جہاز، بی آر پی کیبرا کو ہدایت کی ہے۔ تاریلا نے کہا کہ کھردرے سمندروں میں تین میٹر (10 فٹ (تک اونچی لہروں کے ساتھ، کیبرا نے بار بار چینی جہاز کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس کے پاس "فلپائنی پانیوں کے اندر گشت کرنے کا کوئی قانونی اختیار نہیں ہے"۔ چینی جہاز نے کوئی جواب نہیں دیا۔ تقریباً پورے جنوبی بحیرہ چین پر چین کا دعویٰ کئی جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کے خصوصی اقتصادی زون کے ساتھ اوورلیپ ہے۔ ایک بین الاقوامی ٹریبونل کے 2016 کے فیصلے نے ان وسیع دعووں کو مسترد کر دیا تھا، لیکن بیجنگ نے اس فیصلے کو ماننے سے انکار کر دیا ہے۔ برسوں سے، چینی کوسٹ گارڈ اور میری ٹائم ملیشیا کے جہاز اسکاربوروشوال اور اسپراٹلی جزائر جیسے ہائی ٹینشن والے علاقوں میں گشت کرتے رہے ہیں، جس کے نتیجے میں سمندری رکاوٹیں، تصادم اور زخمی ہوئے جس میں ایک فلپائنی ملاح بھی شامل ہے جس نے گزشتہ سال سیکنڈ تھامس شوال کے قریب جھڑپ کے دوران اپنا انگوٹھا کھو دیا تھا۔

تائیوان کے صدر نے چکوسٹ گارڈ ایڈمنسٹریشن کی فنڈنگ

کاوہسنگ (تائیوان) 9/جون۔ ایم این این۔ تائیوان کے صدر لائی چنگ۔ تے نے اتوار کے روز تائیوان کے آس پاس کے پانیوں میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان کوسٹ گارڈ کی ہنگامی ردعمل کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے ایک خصوصی بجٹ تجویز کے لیے دوطرفہ حمایت پر زور دیا۔ کوسٹ گارڈ ایڈمنسٹریشن (CGA) اور بحریہ کی طرف سے جنوبی تائیوان کے کاوہسنگ میں مشترکہ مشقوں سے خطاب کرتے ہوئے، لائی نے چین کی مسلسل گرے زون کی سرگرمیوں کا مقابلہ کرنے میں کوسٹ گارڈ کے اہم کردار پر روشنی ڈالی۔ ان سرگرمیوں میں ایسے ہتھکنڈے شامل ہیں جو کھلے تنازع سے کم ہوتے ہیں لیکن تائیوان کی سلامتی اور خودمختاری کو ختم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لائی نے تائیوان کے ساحلی دفاعی نظام کو مضبوط کرنے کے لیے وسائل کی سرمایہ کاری کی فوری ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا، "کوسٹ گارڈ ہمارے فرنٹ لائن محافظ کے طور پر کھڑا ہے، سمندری قانون کو برقرار رکھتا ہے اور عوامی تحفظ کو یقینی بناتا ہے۔ سنٹرل نیوز ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق، کابینہ نے 6.13 بلین امریکی ڈالر کے خصوصی بجٹ تجویز کیا ہے، جس میں 150 بلین این ٹی ڈالر قومی سلامتی کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ فنڈنگ میں نئے سمندری جہاز، ڈرون، اور ایک سمارٹ ساحلی نگرانی کا نظام شامل ہے، اس کے ساتھ ساتھ اہم اپ گریڈ جیسے انفراریڈ نائٹ ویژن سسٹم اور بغیر پائلٹ کی فضائی گاڑی کی صلاحیتوں کو بڑھانا۔ لائی نے فریقین کے درمیان تعاون کی اپیل کی تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ کوسٹ گارڈ جدید ٹیکنالوجی سے لیس ہے "صرف متحد سیاسی عزم کے ساتھ ہی ہم اپنے اہلکاروں کو وہ اوزار فراہم کر سکتے ہیں جن کی انہیں قوم کے دفاع کے لیے ضرورت ہے۔ سنٹرل نیوز ایجنسی (سی این اے) نے رپورٹ کیا کہ بجٹ میں امریکی ٹیرف سے متاثر ہونے والے کاروباروں کے لیے 93 بلین این ٹی ڈالر اور تائیوان پاور کمپنی کے نقصانات کو پورا کرنے کے لیے 100 بلین این ٹی ڈالر مختص کیے گئے ہیں، جن کی قانون سازی میں مخالفت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اتوار کی مشترکہ مشق میں چار بڑے بحری جہاز، سات چھوٹے جہاز، تین ہیلی کاپٹر اور ایک ڈرون شامل تھا۔ تین مراحل میں منعقد کیا گیا، سمندری مداخلت، ہیلی کاپٹر ریسکیو، اور فضائی فلائی اوور، اس نے تائیوان کے قومی سمندروں کے دن کو نشان زد کیا، جو اقوام متحدہ کے عالمی یوم سمندر کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔

پاکستان کا رجعت پسند ٹیکسیشن سسٹم مساوات اور ترقی میں رکاوٹ

اسلام آباد۔ 9/جون۔ ایم این این۔ پاکستان کا ٹیکس کا نظام، کمزور اداروں اور کم تعمیل سے نمایاں ہے، انتہائی رجعت پسند ہے، غیر رسمی طور پر کام کرنے والے کاروباروں کو ٹیکس چوری کی اجازت دیتے ہوئے تنخواہ دار طبقے پر غیر متناسب بوجھ ڈالتا ہے۔ کم ٹیکس سے جی ڈی پی کا تناسب (تقریباً 8.10 فیصد، ایشیا پیسیفک اوسط سے نمایاں طور پر کم) 2024-25 کے لیے آئی ایم ایف کے 6.13 فیصد کے ہدف کو پورا کرنے میں ناکام رہتا ہے، جس سے اقتصادی ترقی میں رکاوٹ ہے۔ تنخواہ دار افراد ٹیکس کا کافی بوجھ برداشت کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، انہوں نے ریکارڈ روپے ادا کیے۔ مالی سال 2024-25 کے نو مہینوں میں انکم ٹیکس کی مد میں 391 بلین روپے جمع کیے گئے کل انکم ٹیکس کے 10 فیصد کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ یک طرفہ نظام سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی کرتا ہے کیونکہ تنخواہ دار ملازمین کی آمدنی کم ہوتی ہے، جس سے مینوفیکچرنگ اور سروس سیکٹر کی ترقی متاثر ہوتی ہے۔ دریں اثنا، چھوٹے کاروبار اور رئیل اسٹیٹ کی سرمایہ کاری کو غیر متناسب فائدہ ہوتا ہے۔ حکومت کے 2024-25 کے بجٹ میں، جس میں دفاعی اخراجات کو ترجیح دی گئی تھی (تقریباً 15 فیصد سے بڑھ کر 122,2 بلین روپے(، رجعت پسند ٹیکس نظام سے نمٹنے کے لیے اصلاحات کا فقدان تھا، جس سے یہ مسئلہ مزید بڑھ گیا ہے۔ ماہرین تنخواہ دار طبقے کے لیے ٹیکس کی شرحوں پر نظر ثانی کرنے، ٹیکس فری حد اور معمولی ٹیکس کی شرح کو ایڈجسٹ کرنے کا مشورہ دیتے ہیں تاکہ زیادہ مساوی نظام تشکیل دیا جا سکے اور معاشی استحصال کی وجہ سے ہونے والی برین ڈرین کو دور کیا جا سکے۔

تائیوان نے چین کی کھیلوں میں سیاست کی مذمت کی

تائیپے۔ 9/جون۔ ایم این این۔ تائیوان کی مین لینڈ افیئرز کونسل نے تائیوان کے ٹیبل ٹینس سٹار لن یون- جو کی چینی ایونٹ میں شرکت کو متحدہ محاذ کے پروپیگنڈے کے طور پر، سرخ اسکارف اور حب الوطنی پر مبنی گانے کی پرفارمنس کو استعمال کرنے پر چین پر تنقید کی، جس کا مقصد کھیلوں کے تبادلے کو سیاسی طور پر جوڑ توڑ کرنا تھا۔ ایم اے سی نے کہا کہ ممکنہ طور پر لن کو نادانستہ طور پر سرگرمی میں ہیرا پھیری کی گئی اور اس بات پر زور دیا کہ کراس اسٹریٹ ایکسچینجز کو سیاسی جبر اور سی سی پی کی زیر قیادت نظریاتی پیغام رسانی سے آزاد رہنا چاہیے، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ چین اکثر پروپیگنڈے کے مقاصد کے لیے ایسے واقعات کا استحصال کرتا ہے۔ جب کہ لن کے ایجنٹ نے دعویٰ کیا کہ اس کی شرکت خالصتاً چینی ٹیبل ٹینس سپر لیگ کے لیے تھی، اور ایک اہلکار نے گمنام طور پر کہا کہ لن کو تکلیف محسوس ہوئی اور ایونٹ کی سیاسی نوعیت کے بارے میں پیشگی معلومات کی کمی تھی، ایم اے سی نے چین پر زور دیا کہ وہ کھیلوں اور ثقافتی تعاملات کی سیاست بند کرے۔

बिहार सरकार
भवन निर्माण विभाग
कार्यपालक अभियंता, पाटलिपुत्र भवन प्रमंडल, पटना का कार्यालय
अतिअल्पकालीन कोटेशन आमंत्रण सूचना सं०–16 वर्ष 2025–26

भवन निर्माण विभाग के निबंधित संवेदको / ख्याति प्राप्त फर्मों / कम्पनियों से दिनांक–19.06.2025 के अपराह्न 12.00 बजे तक निर्देशानुसार निम्नलिखित कार्यों के लिए मुहरबंद कोटेशन अधीक्षण अभियंता, द0बि0अं0, भ0नि0 विभाग, पटना / कार्यपालक अभियंता, पाटलिपुत्र भवन प्रमंडल, भवन निर्माण विभाग पटना, सहायक अभियंता, बेली रोड अवर प्रमंडल, भवन निर्माण विभाग पटना, सहायक अभियंता, साउथ बेली रोड अवर प्रमंडल, भवन निर्माण विभाग, पटना एवं गोलघर अवर प्रमंडल, भवन निर्माण विभाग, पटना के कार्यालय में प्राप्त किया जाएगा और उसी दिन 3.30 बजे अपराह्न मे कोटेशनदात्ताओं या उनके द्वारा प्राधिकृत प्रतिनिधियों के समक्ष खोला जायेगा।

कोटेशन का मुल्य (रूपये में):–

प्रत्येक कार्य क्रमांक के कोटेशन–पत्र के साथ कोटेशन मूल्य जो ONLINE GOVERNMENT REVENUE AND ACCOUNTING SYSTEM (ओ–ग्रास) के माध्यम से अधोहस्ताक्षरी (कार्यपालक अभियंता, पाटलिपुत्र भवन प्रमण्डल, भवन निर्माण विभाग, पटना) के पदनाम से प्रत्येक कार्य के लिए अलग–अलग जमा करना अनिवार्य होगा, जो कोटेशन प्रकाशन की तिथि के बाद का जमा होना चाहिए। कोटेशन प्रकाशन के पूर्व के निर्गत ओ–ग्रास का (Computerize Receipt) रसीद पर कोई विचार नहीं किया जाएगा। कोटेशन मूल्य संवेदक के द्वारा कुल कोटेड राशि के अनुसार होगा जो निम्न प्रकार है:– रू 0 से 50,000 रू. तक 250 रू. / 50,001 रू. से 2,50,000 रू. तक 500 रू. / 2,50,001 रू. से 5,00,000 रू. तक 750 रू. / 5,00,001 रू. से 10,00,000 रू. तक 1250 रू. / 10,00,001 रू. से 15,00,000 रू. तक 2500 रू. । एवं अग्रधन की राशि 2% (कोटेड राशि का मूल दो प्रतिशत) कोटेशन के साथ संलग्न किया जाना अनिवार्य है।

क्रम सं०	कार्य का नाम / विशिष्टियों	मात्रा	ईकाई	उद्धृत दर (अंक एवं अक्षर में)	कार्य समाप्ति की अवधि
A	DAY TO DAY P.H WORK 84 OFFICER'S FLAT QTR NO. 1/84 TO 42/84 AT PUNAICHAK PATNA FOR T HE YEAR 2025-26 (T.O.C-Up to March 2026)				
B	DAY TO DAY P.H WORK A TO Z OFFICER'S FLAT QTR NO. N TO Z PUNAICHAK PATNA FOR THE YEAR 2025-26 (T.O.C-Up to March 2026)				
C	DAY TO DAY P.H WORK 12 SET OFFICER'S FLAT QTR NO. 1 TO 12 SHASTRI NAGAR PATNA FOR THE YEAR 2025 -26 (T.O.C-Up to March 2026)				
D	DAY TO DAY P.H WORK IN R.J.D OFFICE AT B.C PATEL PATH PATNA FOR THE YEAR 2025 -26 (T.O.C-Up to March 2026)				

PR. No. 005519 (BCD) 2025-26
कार्यपालक अभियंता
पाटलिपुत्र भवन प्रमंडल, पटना
विस्तृत जानकारी www.state.bihar.gov.in/prdbihar से प्राप्त की जा सकती है।
सुरक्षित जीवन अपनाओ, अपनी नियमित एच.आई.वी. जाँच कराओ।

برقی تزئین وآرائش کے کاموں کی تکمیل

ٹینڈر نوٹس نمبر: DEE/CON/RE/MLG/2/2025، تاریخ: 03-06-2025۔ مندرجہ ذیل کام کے لیے زیر دستخطی کے ذریعے ای ٹینڈرز طلب کیے جاتے ہیں۔ ٹینڈر نمبر :ELC-RE- MLG-05-24-25-GHYRT; کام کا نام: گروپ RE150 پروجیکٹ کے تحت ٹرپ شیڈ/ نئے جلپائی گوڑی کو شروع کرنے کے لیے برقی تزئین وآرائش کے کاموں کی تکمیل۔" ٹینڈر کی قیمت: ;-/65,59,753.64 بیانیہ رقم: ;-/1,31,200 ٹینڈر جمع کرانے کی آخری تاریخ اور وقت 27-06-2025 کو 14:30 بجے ہے اور افتتاح 27-06-2025 کو 15:30 بجے ہے۔ مذکورہ ای ٹینڈر کے ٹینڈر دستاویزات کے ساتھ مکمل تفصیلات ویب سائٹ www.ireps.gov.in پر دستیاب ہوں گی۔
ڈی ای ای/کان/آر ای، مالیگاؤں

شمال مشرقی سرحدی ریلوے
تعمیراتی تنظیم
مسکراہٹ کے ساتھ کسٹمر کی خدمت

منی پورایک بار پھر بے قابو حالات

شمال مشرقی ریاست منی پور ایک بار پھر بحران کا شکار ہوتی نظر آرہی ہے۔ایک سال سے زائد عرصہ تک منی کی صورتحال نے سارے ملک کوتشویش کا شکار کردیا تھا۔ جو حالات پیدا ہوئے تھے وہ انتہائی افسوسناک تھے ۔قتل وغارت گری اور آگ زنی عام ہوگئی تھی ۔ کئی افراد کوموت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔کئی مکانات اور دوکانات کو نذر آتش کردیا گیا۔ کئی قائدین کے گھروں پر حملے کئے گئے ۔ان کے مکانات کو بھی جلانے کی کوشش کی گئی تھی ۔طویل وقت تک سکیوریٹی دستوں کوجدوجہد کرنے کی نوبت آگئی تھی ۔ایک سال سے زائد وقت تک مرکزی حکومت نے صورتحال پر خاموشی اختیار کی اور محض تماشائی بنی رہی ۔ حالات کو قابو میں کرنے کیلئے کوئی اقدامات نہیں کئے گئے تھے ۔آج تک وزیر اعظم نریندر مودی نے منی پور کا دورہ تک نہیں کیا ۔ وزیر اعظم کئی بیرونی ممالک کے دورے کر رہے ہیں ۔ انتخابات میں مہم چلانے کیلئے کئی ریاستوں کوجارہے ہیں لیکن آج تک انہوں نے منی پور کا دورہ نہیں کیا۔ایک سال سے زیادہ عرصہ کے بعد مرکزی حکومت نے منی پور میں صدر راج نافذ کردیا اور وہاں اب مرکز کا راج چل رہا ہے ۔اس کے باوجود صورتحال میں بہتری نہیں آئی ہے ۔ کچھ ہفتوں کے اضطراب آمیز سکون کے بعد اب ایک بار پھر منی پور میں صورتحال خراب ہونے لگی ہے۔عوام میں بے چینی پیدا ہونے لگی ہے ۔ میئتی برادری کے ایک مقامی لیڈر کو گرفتار کئے جانے کے بعد حالات ایک بار پھر بگڑتے نظر آرہے ہیں ۔عوام ایک بار پھر احتجاج کا راستہ اختیار کر رہے ہیں اور حکومت کی جانب سے اب پانچ اضلاع میں انٹرنیٹ کو مسدود کردیا گیا ہے ۔ جس میئتی لیڈر کو گرفتار کیا گیا ہے اس پر اڈیشنل سپرنٹنڈنٹ پولیس کے گھر پر حملے کا الزام ہے ۔ پولیس نے جس کسی وجہ سے اس لیڈر کو گرفتار کیا ہے وہ اپنی جگہ ہے تاہم منی پور کی صورتحال ایک بار پھر قابو سے باہر ہونے لگی ہے ۔لوگ ایک بار پھر بے چینی کا شکار ہور ہے ہیں اور ان میں اطمینان پیدا نہیں ہو رہا ہے ۔ جو صورتحال پیدا ہو رہی ہے وہ قابل تشویش ہی کہی جاسکتی ہے اور حالات کو بہتر بنانے کیلئے منی پور پر مکمل توجہ کرنے کی ضرورت ہے ۔ ملک کے شمال مشرقی علاقہ میں اس طرح کی صورتحال کو طوالت نہیں دی جانی چاہئے تھی تاہم مرکزی حکومت ایسی لگتا ہے کہ اس ریاست کے تعلق سے لگاتار غفلت برتنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے ۔ وزیر داخلہ امیت شاہ نے حالانکہ ریاست کا دورہ کیا ہے اور وہ عہدیداروں سے لگاتار رابطوں میں بھی ہیں لیکن حالات قابو میں نہیں آسکے ہیں ۔ کچھ معمولی اقدامات کے ذریعہ ریاست کی صورتحال کو بہتر کرنے میں کامیابی نہیں مل سکتی ۔ گذشتہ ڈیڑھ سال سے زیادہ کا وقت یہ واضح کر چکا ہے کہ ریاست کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے ضروری ہے کہ اس پر مکمل توجہ کی جائے ۔ وہاں حالات کو بہتر بنانے کیلئے ریاست کے عوام سے بات چیت کی جائے ۔ جو دو اصل مقامی برادریاں ہیں ان کے نمائندوں کو اعتماد میں لیا جائے ۔ ان سے تجاویز طلب کی جائیں ۔ان پر غور کیا جائے ۔ان کے سامنے حکومت کی تجاویز پیش کی جائیں ۔ان تجاویز پر ان کی رائے حاصل کی جائے اور پھر کوئی ایسا فارمولا تیار کیا جائے جو دونوں ہی برادریوں کیلئے قابل قبول ہو اور ریاست میں امن وامان کی صورتحال کو بحال کیا جاسکے ۔ یہ کام فوری طور پر کیا جانا چاہئے کیونکہ ایک طویل وقت ہو گیا ہے ریاست میں اطمینان کی کیفیت پیدا نہیں کی جاسکی ہے اور نہ ہی ریاست کے عوام معمول کے حالات میں زندگی گذار رہے ہیں ۔ ریاست میں حالات اس وقت تک معمول پر نہیں لائے جاسکتے جس وقت تک مرکزی حکومت جامع منصوبہ کے ساتھ حرکت میں نہ آئے ۔ وزیر اعظم نریندر مودی کو اس معاملے میں شخصی دلچسپی دکھانے کی ضرورت ہے ۔ انتخابی مصروفیات اور دورے ہمیشہ چلتے رہیں گے ۔ کہیں سیاسی فائدہ تو کہیں نقصان ہوتا رہے گا تاہم منی پور کی صورتحال ملک کیلئے اچھی نہیں کہی جاسکتی ۔ ملک کا شمال مشرقی علاقہ حساس علاقہ بھی کہلاتا ہے اور وہاں عوام کو بے چینی کی کیفیت میں زیادہ وقت گذارنے پر مجبور نہیں کیا جانا چاہئے ۔ جتنا جلد ممکن ہوسکے وہاں ساری ریاست کے عوام کو اعتماد میں لیتے ہوئے قابل قبول فارمولا تیار کیا جانا چاہئے اور من وامان بحال کیا جانا چاہئے ۔ یہی وقت کا تقاضہ ہے اور یہی ملک کے مفاد میں ہوگا ۔ زیادہ تاخیر نقصان کا باعث ہوسکتی ہے۔

ہماری قربانیاں روحانیت سے خالی کیوں ہو رہی ہیں؟

سرفراز احمد قاسمی

اسلام کی آمد سے پہلے لوگ قربانی کر کے اس کا گوشت بیت اللہ کے سامنے لاکر رکھتے اور اس کا خون بیت اللہ کی دیواروں پر لتھیر دیتے تھے،قران کریم نے بتایا کہ اللہ تعالی کو تمہارے اس گوشت اور خون کی ضرورت نہیں ہے،اس کے یہاں تو قربانی کے وہ جذبات پہنچتے ہیں جو ذبح کرتے وقت تمہارے دلوں میں موجزن ہوتے ہیں یا یہ ہر دلوں میں ہونے چاہیے، یہ قربانی، گوشت اور خون کا نام ہرگز نہیں ہے بلکہ اس حقیقت کا نام ہے کہ ہمارا سب کچھ خدا کے لئے ہے اور اسی کی راہ میں قربان ہونے کے لئے ہے،قربانی کرنے والا صرف جانور کے گلے پر ہی چھری نہیں پھیرتا بلکہ وہ ساری ناپسندیدہ خواہشات اور رسم ورواج کے گلے پر بھی چھری پھیر کر ان کو ذبح کر ڈالتا ہے،اس شعور کے بغیر جو قربانی کی جاتی ہے وہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہم السلام کی سنت نہیں، بلکہ ایک قومی رسم ہے،جس میں گوشت اور پوست کی فراوانی تو ہوتی ہے لیکن وہ تقوی ناپید ہوتا ہے جو قربانی کی اصل روح ہے ارشاد خداوندی ہے اللہ تعالی کو ان جانوروں کا گوشت اور خون ہرگز نہیں پہنچتا بلکہ اس کو تمہاری جانب سے تمہارا تقوی پہنچتا ہے خدا کی نظر میں اس قربانی کی کوئی اہمیت نہیں جس کے پیچھے تقوی اور پرہیز گاری کے جذبات نہ ہوں،خدا کے دربار میں وہی عمل مقبول ہے جس کا محرک خدا کا تقوی ہو، جو انسان کو متقی بناتا ہو فرمان الہی ہے اللہ تعالی صرف متقیوں کا عمل ہی قبول کرتا ہے۔اللہ تعالی کے پاس ان قربانی کے جانوروں کا گوشت اور خون ہرگز نہیں پہنچتا بلکہ اس کے پاس تمہاری جانب سے تمہارے دل کا تقوی پہنچتا ہے قربانی کے سلسلے میں اس آیت کریمہ سے ایک بات یہ معلوم ہوئی کہ اللہ رب العزت کے یہاں جو چیز مطلوب ومقصود ہے اور جس کی فی الواقع اس کے یہاں قدر ہے وہ قلب متقی اور پرہیز گار دل ہے نہ کہ کسی جانور کا خون بہا کر اس کا گوشت کھانا یا کھلانا، جانور کی قربانی دراصل قربانی دینے والے کی اندرونی حالت کا ایک خارجی اور جذباتی اظہار ہے کہ ہمیں کوئی تعصب، کوئی دلچسپی، کوئی ذاتی مفاد، کوئی دباؤ، کوئی لالچ، کوئی خوف اور نقصان غرض، اندر کی کوئی کمزوری اور باہر کی طاقت اللہ کے راستے اور تقوی و پرہیز گاری کے کام سے ہٹا نہیں سکتی، اس طرح کہ کوئی صورت پیش آجائے تو ہم مالک حقیقی کے نام پر برضا ورغبت اپنی جان تک قربان کرنے کے لئے آمادہ وتیار ہیں، مگر اس کے راستے اور نیکی وتقوی کے کاموں سے نہ رخ موڑ سکتے ہیں نہ اسے چھوڑ سکتے ہیں گویا دوسرے لفظوں میں سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں، جانور کی قربانی دینے والے کے اندر اگر یہ جذبات نہ ہوں تو اس کا یہ عمل خارجی عمل اور ایک ایسا سائن بورڈ ہے جس کے پیچھے کوئی دکان موجود نہ ہو اور جو فرضی طور پر کسی دیوار سے لٹکا دیا گیا ہو۔قرآن کریم اور تورات دونوں ہی سے یہ بات ثابت ہے کہ ملت ابراہیمی کی بنیاد قربانی تھی اور یہی قربانی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیغمبرانہ اور روحانی زندگی کی اصل خصوصیت تھی اور اسی امتحان اور آزمائش میں پورا اترنے کی وجہ سے ان کی اولاد ہر قسم کی نعمتوں اور برکتوں سے مالا مال کی گئی تورات کی کتاب پیدائش میں ہے”خداوند فرماتا ہے اس لئے کہ تو نے ایسا کام کیا اپنا بیٹا، ہاں اپنا اکلوتا بیٹا دریغ نہ رکھا، میں نے اپنی قسم کھائی کہ میں برکت دیتے ہی تجھے برکت دوں گا اور بڑھاتے ہی تیری نسل کو آسمان کے ستاروں اور دریا کے کنارے کی ریت کے مانند بڑھاؤں گا اور تیری نسل اپنے دشمنوں کے دروازوں پر قابض ہو جائے گی اور تیری نسل سے زمین کی ساری قوم برکت پائے گی کیونکہ تو نے میری بات مانی اور مجھے خوش کیا“حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل ان دونوں باپ بیٹے کی قربانی کیا تھی یہ محض خون اور گوشت کی قربانی ہرگز نہ تھی بلکہ یہ روح اور دل کی قربانی تھی، یہ ماسوا اللہ اور غیر کی محبت کی قربانی خدا کی راہ میں تھی یا اپنے عزیز ترین متاع کو خدا کے سامنے پیش کر دینے کی نذر تھی، یہ خدا کی اطاعت، عبودیت اور کامل بندگی کا بے مثال منظر تھا یہ تسلیم ورضا اور صبر وشکر کا وہ امتحان تھا جس کو پورا کئے بغیر دنیا کی پیشوائی اور آخرت کی نیکی مل ہی نہیں سکتی، یہ باپ کا اپنے اکلوتے بیٹے کے خون سے زمین کو رنگین کر دینا نہ تھا بلکہ خدا کے سامنے اپنے تمام جذبات، خواہشات، تمناؤں اور آرزوؤں کی قربانی تھی یہ حکم خداوندی کے سامنے اپنے ہر قسم کے ارادے ومرضی کو معدوم کر دینا تھا اور جانور کی یہ ظاہری قربانی اس اندورنی نقش کا ظاہری عکس اور اس خورشید حقیقت کا ظل مجاز بھی تھا، اسلام کے لفظی معنی اپنے کو کسی دوسرے کے سپرد کر دینا اور اطاعت وبندگی کے لئے گردن جھکا دینا ہے اور یہی وہ حقیقت ہے جو حضرت ابراہیم واسماعیل کے اس ایثار اور قربانی سے ظاہر ہوتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ ان باپ بیٹوں کی اس اطاعت اور فرمانبرداری کے جذبے کو صفحہ محمدی میں اسلام کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ملت ابراہیمی کی حقیقت، یہی اسلام ہے کہ انہوں نے خود کو خدا کے ہاتھ میں سونپ دیا اور اس کے آستانے پر اپنا سر جھکا دیا یہ اسلام کی حقیقت ہے اور یہی ملت ابراہیمی کا خلاصہ بھی ہے اور اسی بار امانت کو اٹھانے کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام بار بار اپنے پروردگار سے دعا مانگتے تھے کہ ان کی نسل میں اس بوجھ کے اٹھانے والے ہر زمانے میں موجود رہیں اور بالآخر ان کی نسل میں وہ امین پیدا ہو جو اس امانت کو لے کر تمام دنیا میں اسے وقف عام کر دے۔یہ قربانی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی انہی قربانیوں کا نتیجہ ہے جو اس وقت سے لے کر آج تک امت مسلمہ کا شعار رہا ہے، صحابہ کرام نے اسی قربانی کے متعلق حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم کیا تھا کہ اے اللہ کے رسول یہ جو ہم قربانی کرتے ہیں جانوروں کا خون بہاتے ہیں اس کی حقیقت کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تمہارے بزرگ باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے، صحابہ نے پھر پوچھا، اے اللہ کے نبی ہمیں اس میں کیا ملے گا؟ آپ نے ارشاد فرمایا” جانور کے ہر بال کے بدلے تمہیں ایک نیکی ملے گی“۔روایتوں میں آتا ہے کہ عیدالاضحیٰ اور قربانی کے دن ابن آدم کا کوئی عمل خدا کے یہاں قربانی سے زیادہ محبوب اور پسندیدہ نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ قربانی فرماتے رہے اور پوری امت کو یہ حکم دیا کہ اگر ان کے پاس وسعت ہو، مال کی فراوانی ہو تو وہ ضرور قربانی کیا کریں اپنی طرف سے بھی کریں، اپنے اہل وعیال کی طرف سے بھی کریں، خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر قربانی کا جانور ذبح کرنے کے بعد یہ دعا مانگی کہ اے اللہ یہ قربانی میری طرف سے بھی ہے اور میری امت کے غریبوں کی طرف سے بھی ہے، میری امت کے فقراء اور محتاجوں کی طرف سے بھی ہے، اے اللہ میرے اس قربانی کو میری امت کے ناداروں اور مفلسوں کی طرف سے بھی قبول فرما اور ان لوگوں کو بھی اس کا ثواب دے جو قربانی کرنے کی طاقت نہیں رکھتے، جن کے پاس اتنا پیسہ اور سرمایہ نہیں ہے کہ وہ تیری راہ میں جانور کا خون بہائیں۔اس لیے ہمیں چاہئے کہ ہم بھی قربانی کریں اور شوق سے کریں، پورے اخلاص وللّٰہیت کے ساتھ کریں اور قربانی کی اس آیت پر یقین رکھیں کہ اللہ تعالی کے دربار میں ہماری قربانیوں کا گوشت ہرگز نہیں پہنچتا قربانی کا خون اللہ کے یہاں نہیں جاتا، اللہ تعالی تو ہمارے تقوی کو دیکھتے ہیں، ہمارے اخلاص اور ہمارے دل کو دیکھتے ہیں، اللہ کی بارگاہ میں ہماری نیت دیکھی جاتی ہے، ہمارا ارادہ دیکھا جاتا ہے، اسکے علاوہ وہاں اور کوئی چیز نہیں دیکھی جاتی۔حضرت مولانا علی میاں ندوی رحمہ اللہ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ آج مسلمانوں کو تین طرح کی قربانیاں دینے کی ضرورت ہے، ہماری ہر قربانی کے لئے ہماری تاریخ میں ایک امام موجود ہے، ایک قربانی وہ ہے جو سیدنا خالد ابن ولید رضی اللہ عنہ نے جنگ یرموک میں دی تھی، دوسری قربانی وہ ہے جو حضرت حسن ابن علی نے حضرت معاویہ کے مقابلے میں امت کے انتشار کو ختم کرنے کے لئے دی تھی اور تیسری قربانی وہ ہے جو حضرت عمر ابن عبدالعزیز رضی اللہ نے اسلامی مملکت، معاشرے کو اسلامی زندگی اور اسلامی سیرت کی راہ پر لگانے کے لئے اپنی زندگی کو بدل کر اور اپنے خاندان کے مفاد سے آنکھیں بند کر کے دی تھی، اب یہ تینوں قربانیاں اسوقت ملت اسلامیہ ہندیہ کو درپیش ہیں، صحابی رسول حضرت خالد ابن ولید کی قربانی یہ پیغام دیتی ہے کہ عین میدان جنگ میں اگر معزول کر دیا جائے تو پیشانی پر کوئی شکن نہ آئے اور یہ الفاظ تاریخ کے ریکارڈ نے اسی وقت محفوظ کر لئے کہ اگر میں خلیفہ عمر کے لئے لڑ رہا تھا تو اب نہیں لڑوں گا اور اگر اللہ تعالی کے لئے لڑتا تھا تو میرے جوش وسرگرمی میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔پھر دنیا نے دیکھ لیا کہ اللہ کے اس سچے بندے نے جنگی پرورش اور تربیت نبوت کے سائے میں ہوئی تھی، اپنے اس قول کو اسطرح سچا کر دکھایا کہ انکے جوش وجہاد اور شوق شہادت میں کوئی فرق نہیں آیا، دنیا کی تاریخ اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے کہ جس شخص کا نام فتح کے ساتھ اس طرح گھل مل گیا تھا کہ ان میں فرق کرنا مشکل تھا، وہ نام فتح کی علامت و اثر بن گیا تھا، لوگ پہلے یہی پوچھتے تھے کہ اس معرکے میں خالد ابن ولید ہیں یا نہیں؟ اگر جواب ملتا کہ وہ ہیں تو دل امیدوں سے بھر جاتے تھے، اصل بھروسہ خدا پر تھا لیکن ان کی موجودگی کو فال نیک سمجھتے تھے دنیا کی تاریخ اس کی نظیر پیش نہیں کر سکتی، فاروق اعظم کی عظمت کے سامنے خدا اعتمادی اور خود اعتمادی کے جوہر کے سامنے مؤرخ حیران ہو کے کھڑا ہو جاتا ہے کہ اس خدا کے بندے نے اس ملت کے لیے اور قیامت تک کے لیے ایک مثال قائم کرنے کے لیے یہ قدم اٹھایا، اتنا خطرناک قدم کہ میں سمجھتا ہوں کہ جنگوں کی تاریخ میں اتنا خطرناک قدم آج تک نہیں اٹھایا گیا اور اتنا بڑا خطرہ (رسک) کبھی مول نہیں لیا گیا کہ عین اس وقت جب سب سے بڑا فیصلہ کن معرکہ یرموک کی جنگ درپیش تھا مدینہ سے ایک شخص آتا ہے اور حضرت خالد کی معزولی اور حضرت ابوعبیدہ کے تقرر کا پروانہ ہاتھ میں دیتا ہے اور لوگوں کو معلوم ہو جاتا ہے کہ خالد ابن ولید اب کمانڈر ان چیف یا قائد افواج اسلامی نہیں رہے انہوں نے سر جھکا دیا اور سب سپاہیوں نے دیکھا کہ خالد معزول کر دیے گئے اور خالد نے اس وقت کہا کہ اگر جہاد سے میرا مقصد عمر ابن الخطاب کی خوشنودی ہوتی تو میں آئندہ جہاد سے رک جاتا لیکن میں چونکہ اللہ کے راستے میں اس کی رضا جوئی کے لیے اور اللہ تعالی سے ثواب کی امید میں جہاد کرتا تھا اس لئے میرے زور بازو میں کوئی فتور اور قتال کے لیے میرے جوش وسرگرمی میں کوئی کمی نہیں آئے گی“(دعوت فکر وعمل) عیدالاضحیٰ یا بقرہ عید کو پوری دنیا کے مسلمان حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یاد میں بڑی محبت کے ساتھ مناتے ہیں اور ان کے پر عزم واقعات بڑی فصاحت وبلاغت سے بیان کیا کرتے ہیں، ان واقعات میں عبرت ونصیحت اور غور وفکر کا بڑا اسامان ہمارے لئے موجود ہے، دنیا میں انسان بڑا بننے کے لئے بعض اوقات الٹے سیدھے داؤ پیچ بھی چلتا ہے، سفارش سے نکموں کو بڑے بڑے عہدے مل جاتے ہیں نقل اور پیسے سے جاہلوں کو اعلی ڈگریاں مل جاتی ہیں، دھاندلی اور فراڈ سے قانون ساز اداروں تک کی رکنیت حاصل ہو جاتی ہے مگر یاد رکھیئے کہ اللہ تعالی کے نزدیک بڑا بننے اور اس کا قرب حاصل کرنے کے لیے ان میں سے کوئی حربہ بھی کام نہیں آتا، وہ جسے اپنا مقرب اور محبوب بناتا ہے، اسے سخت آزمائشوں سے گزرنا پڑتا ہے۔اسلامی روایات بتلاتی ہیں کہ جو اللہ تعالی کا جتنا پیارا اور محبوب ہوتا ہے اس کا امتحان اتنا ہی سخت ہوتا ہے، اللہ تعالی کے ہاں صرف زبانی دعوے نہیں چلتے بلکہ ٹھوک بجا کر دیکھا جاتا ہے، معیار پر جانچا جاتا ہے، بار بار آزمایا جاتا ہے، پرکھا جاتا ہے کہ یہ اپنے دعوے میں سچا ہے یا ایسے ہی زبانی کلامی تاج محل تعمیر کر رہا ہے، اللہ تعالی قران کریم میں ارشاد فرماتے ہیں جس کا مفہوم یہ ہے کہ ”کیا لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ چھوڑ دیے جائیں گے صرف یہ کہہ کر کہ ہم ایمان لائے اور ان کو جانچا نہیں جائے گا“ یہ سلسلہ آج سے نہیں بلکہ ہر دور میں یہ دستور رہا ہے کہ جس کسی نے بھی اللہ تعالی کی محبت کا اور مخلص ہونے کا دعوی کیا ہے اسے آزمائشوں کی بھٹی سے ضرور گزرنا پڑا ہے اور یہی کام حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بھی اللہ نے لیا، اپنے دیگر نیک اور مقرب بندوں سے وہ لیتا رہا ہے یہی اس دنیا کا دستور ہے، قدرت کا نظام ہے۔حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تو اللہ تعالی کی رضا پر سب کچھ قربان کر دیا تھا باپ کی محبت، قوم کا تعلق، وطن کا ساتھ، بیوی بچے، لیکن کیا ہم بھی اللہ تعالی کی رضا اور اسکے حصول کے لیے جذبات و احساسات، ذاتی مفادات اور دنیاوی رشتوں کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں یا دے سکتے ہیں؟ صرف بکرے اور گائے کو ذبح کر لینے اور قربان کرنے کو قربانی مت سمجھیئے، ہم سے تو قدم قدم پر اسلام قربانی کا مطالبہ کرتا ہے، ہمارا مذہب یہ قربانی کا مذہب ہے، یہ ہر قدم پر، ہر موڑ پر قربانی چاہتا ہے، میٹھی نیند کا غلبہ ہوا اور اذان ہو جائے تو نیند کی قربانی کا مطالبہ، حلال وحرام کی کشمکش ہو تو مال کی قربانی کا مطالبہ، رسم ورواج اور سنتوں کا ٹکراؤ ہو تو دنیاوی تعلقات کی قربانی کا مطالبہ، میدان جہاد سے پکارا جائے تو مال وجان اور اولاد کی قربانی کا مطالبہ، مگر حقیقت یہ ہے کہ آج ہم طوعا وکرہا یہ قربانی ہر سال تو کر لیتے ہیں مگر کیا قربانی کا حقیقی جذبہ ہمارے اندر موجود ہے؟

سمجھنا میں چل بسا



تحریر: جاوید بھارتی

یوں تو ہر انسان کے بڑے ارمان ہوتے ہیں اور بڑی خواہشات ہوتی ہیں، آرزو بھی ہوتی ہے اور جستجو بھی ہوتی ہے مگر یہ دنیا ہے ہزاروں رنگ بدلتی ہے، جنازہ بھی اٹھتا ہے اور ڈولی بھی اٹھتی ہے، کسی گھر سے کھانا پھینکا بھی جاتا ہے اور کسی گھر میں فاقہ بھی ہوتا ہے، کوئی کسی کے دکھ سکھ میں شریک ہوتا ہے تو کوئی سکھ چین چھیننے کی کوشش بھی کرتا ہے، کوئی رات کے اندھیرے میں چپکے سے کسی کی مدد کرتا ہے تو کوئی دن کے اجالے میں چار پیسہ ہتھیلی پر رکھ کر ویڈیو گرافی کرتا ہے اور وائرل کر کے اس کی خودداری پر ڈاکہ مارتا ہے، اس کی غربت کا مذاق اڑاتا ہے، اس کی عزت کی دھجیاں اڑاتا ہے اس پر بھی صبر نہیں ہوتا ہے تو شاہراہوں اور چوراہوں پر خود اپنی ہی زبان سے اپنے چند سکوں کی مدد کا پرچار کرتا ہے،، اسے اس بات کا خیال تو رہتا ہے مگر احساس نہیں رہتا ہے کہ کسی کے ساتھ احسان کر کے اسے جتلانا انتہائی گھٹیا بات ہے اس سے نیکیاں برباد ہوجاتی ہیں اور وہ اجر وثواب کا مستحق نہیں ہوتا کیونکہ ایسا شخص اللہ کی رضا وخوشنودی کے لئے نہیں بلکہ اپنے نام ونمود کے لئے مدد کرتا ہے وہ دنیا میں ہی شہرت چاہتا ہے اور اپنی شہرت حاصل کرنے کی کوشش میں وہ دوسروں کی دلآزاری کر بیٹھتا ہے تو پھر کہاں سے وہ آخرت میں اجر وثواب کا مستحق ہوگا،، ایک باپ کا یہ ارمان ہوتا ہے کہ میرا بیٹا میری لاٹھی بنے گا میرے مشن کو آگے بڑھائے گا، میری تحریک کو چار چاند لگائے گا اب یہ اس باپ کے اوپر منحصر ہے کہ اس کا مشن کیا ہے تعلیم وتربیت ہے کہ مساجد ومدارس کی تعمیر وقیام ہے بہر حال باپ کا جو بھی خواب ومشن ہو اس کو آگے بڑھانے میں وہ اپنے بیٹے سے پرامید ہوتا ہے،، حال ہی میں ایک باپ نے ایسا مشن چلایا جس پر آج پوری دنیا فخر کر رہی ہے اس ملک میں سات ہزار مسجد تعمیر کروائی، سوا سو سے اوپر دار العلوم قائم کیا، ڈھائی ہزار مکتب قائم کیا، سیکڑوں بستیوں میں سمر سیبل لگوا کر پانی پینے کا انتظام کیا، بہت سے علاقوں میں اسپتال بنوایا اس کے علاوہ ایک ایسا مدرسہ قائم کیا جس میں قرآن وحدیث کی تعلیمات کا انتظام ہے، عالمیت وفضیلت کا عظیم الشان انتظام ہے اور ساتھ ہی میڈیکل کالج، آئی ٹی آئی، پال ٹیکنک، انجینئرنگ، ڈگری کالج، بی ایڈ سب کچھ ہے جہاں سے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں علماء، حفاظ، قرأ، ڈاکٹر، انجینیر، پروفیسر بن کر نکلتے ہیں جس ادارے سے ہزاروں افراد کو روزگار ملتا ہے ابھی حال ہی میں اس عظیم شخصیت کا انتقال ہوا ہے تو اب بیٹے کے کاندھے پر ساری ذمہ داری آگئی علمی میدان میں اس مرد مجاہد نے وہ کارہائے نمایاں انجام دیا ہے جو اس ملک میں اب تک کسی نے نہیں کیا اس کے اندر نیک نیتی کا جذبہ سمندر کی لہروں کی طرح موجیں مارتا ہوا دیکھا گیا اس درویش صفت انسان نے اپنے بیٹے کی تربیت بھی اسی انداز سے کی ہے کہ بیٹا بھی بالکل باپ ہی کی طرح ہے،، اس عظیم الشان ادارے کو دیکھ کر لوگ بلاتفریق مسلک ومذہب ومکتب فکر تعریف کرنے پر مجبور ہوجاتے ہیں ادارے کا نام جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا اور جس نے قائم کیا اس عظیم شخصیت کا نام مولانا غلام محمد وستانوی جن کا ابھی حال ہی میں انتقال ہوا ہے اور بیٹے کا نام مولانا حذیفہ وستانوی ہے جو اب رئیس الجامعہ ہیں،، آیئے اب دیگر تعلقات کو بھی دیکھتے ہیں سب سے پہلے ایک باپ اپنے بیٹے کے ساتھ بیٹی کی بھی پرورش کرتا ہے اور بیٹا تو ماں باپ کے آنگن میں رہے گا مگر بیٹی ایک دن دوسرے کے گھر چلی جائے گی لیکن عجیب حال ہے کہ ایک بیٹا باپ کے آنگن میں رہتا ہے تو اس کی آواز سنائی دیتی ہے مگر ایک بیٹی جو پیدا ہونے کے بعد بیس پچیس سال بعد اپنے سسرال چلی جاتی ہے مگر ان بیس پچیس سالوں میں وہ والدین کے ساتھ ایسا حسن سلوک کرتی ہے کہ جب تک والدین زندہ رہتے ہیں ہر روز وہ اپنی بیٹی کے چہکنے و بولنے کی آواز گھر کی چہار دیواری میں محسوس کرتے ہیں بلکہ آواز سنائی دیتی رہتی ہے جبکہ وہ اپنی سسرال میں ہوتی ہے اور بیٹیاں باپ کا کتنا خیال رکھتی ہیں قارئین کرام آپ ایک واقعے سے اندازہ لگا سکتے ہیں ایک باپ اپنی بیٹی کو مالی حالت خستہ ہونے کے باوجود بھی اسکول میں داخلہ کراتا ہے اور مہینے کی فیس اپنی بیٹی کے ہاتھوں میں دیتا ہے ساتھ ہی اس کو گھر سے اسکول کے آمد ورفت کا خرچ بھی دیتا ہے کئی ماہ گذرنے کے بعد بیٹی اسکول سے دیر میں آنے لگتی ہے باپ کی پیشانی پر گہری لکیریں پڑنے لگیں، چہرہ اداس ہونے لگا آخر ایک دن باپ اپنی بیٹی سے پوچھتا ہے کہ تم اسکول سے اتنا لیٹ کیوں آتی ہو آخر کیا وجہ ہے کیا اسکول کا ٹائم ٹیبل تبدیل ہوگیا ہے تو بیٹی نے کہا نہیں،، باپ نے ایک ہفتے بعد پھر یہی سوال اس وقت کیا جب بیٹی اسکول جارہی تھی تو بیٹی نے باپ کے سوال کو بظاہر نظر انداز کرتے ہوئے اسکول کے لئے روانہ ہوگئی اب باپ کی فکر اور بڑھ گئی وہ بہت کچھ سوچنے لگا کہ کہیں میری بیٹی کوئی ایسی غلطی تو نہیں کر رہی ہے کہ ہم سماج ومعاشرے میں سر اٹھا کر چل نہ پائیں، کہیں ہماری پگڑی نیلام نہ ہو جائے مگر بیٹی کا مقصد بھی اسی دن پورا ہونے والا تھا اور وہ اپنے ارادے اور مقصد کو تکمیل سے پہلے ظاہر نہیں کرنا چاہتی تھی،، ادھر مسلسل اسکول سے گھر آنے میں تھوڑی دیر ہوجاتی تھی مگر آج کچھ زیادہ ہی دیر ہوگئی باپ کے چہرے پر اداسی بھی ہے اور غصے کے اثرات بھی،، باپ انتظار ہی کر رہا تھا کہ اتنے میں دروازہ کھلتا ہے اور بیٹی گھر میں داخل ہوتی ہے باپ غصے میں کھڑا ہوجاتا ہے اور پوچھتا ہے کہ اسکول سے آنے میں اتنی دیر کیوں ہوئی بتا میں تیرا باپ ہوں میری باتوں کا جواب دے بیٹی کہتی ہے کہ اسکول سے گھر پیدل آنے کی وجہ سے دیر ہوگئی آج ایک دکان پر چلی گئی اس سے اور زیادہ دیر ہوگئی،، باپ کہتا ہے کہ میں تجھے سواری سے اسکول جانے کے لئے پیسہ دیتا ہوں پھر تو پیدل کیوں آتی جاتی ہے بتا سچائی کیا ہے،، بیٹی اپنی کاپی کتاب کا بیگ رکھنے کے لئے آگے بڑھتی ہے اور بیگ رکھنے کے بعد ایک تھیلی باپ کے ہاتھوں میں تھماتی ہے باپ کہتا ہے کہ اس میں کیا ہے تو بیٹی جواب دیتی ہے کہ آپ کے لئے ایک ضروری سامان باپ جب تھیلی کھولتا ہے تو اس میں ڈبہ ہوتا ہے اور ڈبے میں قیمتی جوتا ہوتا ہے اب پھر باپ پوچھتا ہے کہ تیرے پاس اتنے پیسے کہاں سے آئے تم نے کیسے یہ جوتا خریدا،، بیٹی کچھ دیر خاموش رہی پھر جواب دیا ابو آپ کے دیئے ہوئے پیسے کو میں جمع کرتی رہی اور اسکول پیدل جاتی رہی، گھر پیدل آتی رہی کیونکہ آپ کے پاؤں میں پھٹے ہوئے جوتے دیکھ کر میرا دل مغموم ہوجاتا تھا اور میں نے تہیہ کر لیا کہ گھر سے اسکول اور اسکول سے گھر پیدل آؤنگی اور پیدل جاؤں گی لیکن اپنے باپ کے پیروں میں جوتے ضرور پہناؤں گی آج میرا خواب پورا ہوگیا،، ابو جان آپ کی بیٹی کبھی آپ کی پگڑی اچھلنے نہیں دے گی اور آپ کی عزت پر آنچ نہیں آنے دیگی باپ آگے بڑھتا ہے اور اپنی بیٹی کی پیشانی چوم لیتا ہے اور کہتا ہے کہ او میری بیٹی مجھے تجھ پر ناز ہے بس آج کا جو بگڑا ہوا ماحول ہے بس اسی سے میں تھوڑا ڈرا ہوا سہما ہوا تشویش میں مبتلا تھا،، اسی پڑوس کی ایک اور کہانی تحریر کرنا بہت ہی مناسب معلوم ہوتا ہے آج کسی کے پاس بیٹے ہی بیٹے ہیں تو وہ بیٹی کے لئے ترستا ہے تو کسی کے پاس بیٹی ہی بیٹی ہے تو وہ بیٹے کے لئے ترستا ہے اور سچائی یہ ہے کہ جس گھر میں بال بچے ہوتے ہیں بیٹے اور بیٹیاں ہوتی ہیں وہ گھر گلدان اور مرتبان کی طرح ہوتا ہے مہکتا بھی ہے چہکتا بھی ہے اور کھنکتا بھی ہے مگر قدرت کی دین ہوتی ہے یہ کوئی ایسا سامان تو نہیں ہے کہ بازار سے خرید کر لایا جائے اس بات کو راقم خود محسوس کرتا ہے کیونکہ لڑکھڑاتے وقت کوئی سنبھالنے والا نہیں، کوئی ہاتھ بٹانے والا نہیں اپنی ہی آنکھوں سے بہتے ہوئے آنسوؤں کو اپنی ہی آنکھوں سے دیکھنا ہے اور خود اپنے آپ کو تسلی بھی دینا ہے کبھی یوں بھی احساس ہوتا ہے کہ جیتے جی بسا اوقات عوامی جھرمٹ میں رہتے ہیں لیکن مرنے کے بعد قبر پر فاتحہ پڑھنے کون جائے گا ؟ خیر اللہ کریم ـــــــ،،،بس اللہ کریم،، ایک گھرانہ گلدان اور مرتبان کی طرح چہک رہا تھا لیکن کچھ دنوں بعد گھر کا سرپرست ریٹائر ہوجاتا ہے بیٹیاں اپنی سسرال رہنے لگیں اور بیٹے ملازمت کرنے لگے تو ان لوگوں نے اپنا الگ الگ دور دراز علاقوں میں گھر بنا لیا اور باپ کو تنہا اسی پرانے گھر میں چھوڑ دیا کبھی کوئی حال معلوم کرنے کا روادار نہیں باپ بیچارہ تنہا گھر میں رہتا ہے بیوی کا بھی ساتھ چھوٹ چکا ہے وہ اس دار فانی سے کوچ کر چکی ہے روزانہ صبح اخبار والا آتا ہے اور اخبار دیکر چلا جاتا ہے ایک دن وہی اخبار والا دروازے پر آکر گھنٹی بجاتا ہے تو مکان مالک کو دروازے پر آنے میں تھوڑی دیر ہوجاتی ہے اب اخبار والا کہتا ہے کہ اگر اتنی دیر کریں گے تو میں آپ کے لئے اخبار نہیں لاؤں گا مکان مالک کی آنکھوں میں آنسو آگئے بولتا ہے کہ ایسا نہ کہو میری بیوی کا انتقال ہوگیا، دو بیٹیاں تھیں ان کی شادی ہوگئی بیٹے تھے تو ان بیٹوں نے بھی بہت دور گھر بنانے کے ساتھ دوری بھی اختیار کر لی اب جو رشتہ یا تعلق ہے وہ تمہیں سے ہے مجھے میری ہی اولادوں نے بوجھ سمجھا تو میں نے بھی فیصلہ کر لیا ہے کہ میں کسی کے لئے بوجھ نہیں بنوں گا،، بس تم ایک بات مان جاؤ کہ روزانہ اخبار لاؤ گے اور دروازے پر آکر روزانہ گھنٹی بجاؤ گے میں بھی وقت کا خیال رکھوں گا تم گھنٹی بجاؤ گے میں دو منٹ میں دروازے پر آکر اخبار لے لیا کروں گا یہ تمہارا احسان ہوگا وعدہ کرو کہ تم ایسا کروگے اب اخبار والا کہتا ہے کہ انکل ضرور میں ایسا ہی کروں گا مگر آپ مجھ سے یہ وعدہ کیوں کرا رہے ہیں اور ایسی باتیں کیوں کہہ رہے ہیں تو وہ مکان مالک کہتا ہے کہ جب مجھے اپنوں نے ٹھکرا دیا تو میں کسی سے سہارا کیسے مانگوں بس تم روز آنا اور روز گھنٹی بجانا جس دن گھنٹی بجانے کے دو منٹ بعد بھی میں دروازے پر نہ آسکا تو پانچ منٹ اور انتظار کر لینا اور پانچ منٹ بعد بھی نہیں آسکا تو سمجھ لینا کہ میرا حرکت قلب بند ہو چکا ہے میری روح قفس عنصری سے پرواز کر چکی ہے میں اب اس دنیا میں زندہ نہیں رہا،، بس اب آگے میرے ساتھ کیا معاملہ ہوگا مجھے نہیں معلوم ــــــ مجھے نہیں معلوم،، اس کے بعد تم بھی آزاد ہو کیونکہ وعدہ وفا کی منزل تک پہنچ چکا،، ارے مرنے کے بعد خاندان، رشتہ دار، دوست و احباب سارے کے سارے لوگ کاندھے پر لے کر چلے ارے جیتے جی کوئی کاندھے پر ہاتھ رکھ کر سہارا دیا ہوتا، کانپتے ہوئے ہاتھوں میں لاٹھی تھمائی ہوتی، لڑکھڑاتے ہوئے قدم کو سنبھالنے میں مدد کی ہوتی، جب آنکھوں سے آنسو بہتے کسی ڈھارس بندھائی ہوتی، غربت ومصیبت کے عالم میں کسی نے ایک ہاتھ کاندھے پر رکھا ہوتا اور دوسرا ہاتھ میرے ہاتھ میں دیا ہوتا اور پیشانی کو چوما ہوتا تو کچھ اور بات ہوتی۔

جناح اسپتال کے سابق ایم ایس، تین فارماسسٹ پر جرمانہ

لاہور۔9رجون۔ایم این این۔جناح اسپتال کے سابق میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور تین خواتین فارماسسٹ کے خلاف اختیارات کے ناجائز استعمال اور غفلت کے الزامات ثابت ہونے پر سزائیں سنادی گئیں۔وزیراعلیٰ پنجاب نے مجاز اتھارٹی ہونے کے ناطے سابق ایم ایس ڈاکٹر طاہر رشید سے 10 لاکھ روپے وصول کرنے اور فارماسسٹ کی تین سال کی ترقی روکنے کی سزا کی منظوری دے دی ہے۔ایک سرکاری رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ڈاکٹر طاہر رشید پر جناح ہسپتال لاہور کے ایم ایس کی حیثیت سے مالی اختیارات استعمال کرنے کا الزام عائد کیا گیا جو ان کے دائرہ اختیار سے باہر تھے۔اس نے لوکل پرچیز کے ذریعے ادویات اور ڈسپوزایبل کی خریداری کے دوران سرکاری تدریسی ادارے کے بورڈ آف مینجمنٹ کو مطلع نہیں کیا۔اس میں کہا گیا کہ اس وقت کے ایم ایس پورے مقامی خریداری کے عمل پر کڑی نگرانی کرنے میں ناکام رہے جس کی وجہ سے بہت ساری طریقہ کار کی خلاف ورزیاں ہوئیں، بالآخر سرکاری خزانے کو مالی نقصان پہنچا۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ''یہ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ تقریباً ہر روز ایک مخصوص مہینے میں ایک وینڈر حصہ لے رہا تھا لیکن آپ کی طرف سے حصہ نہ لینے والے دکانداروں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔اسی طرح صبح کی شفٹ کے انچارج ڈاکٹر فضلت ایل پی کو صبح ڈیمانڈ ٹینڈر اپ لوڈ کرنے اور اخراجات کے رجسٹر کو برقرار نہ رکھنے کا ذمہ دار ٹھہرایا گیا۔وہ شام کے عملے کی طرف سے کی گئی طریقہ کار کی خلاف ورزیوں کی اطلاع مجاز اتھارٹی کو دینے میں ناکام رہی۔''آپ کی طرف سے بلوں کی جانچ پڑتال کی گئی لیکن قیمتوں میں فرق اور ڈیمانڈ برانڈز کی عدم پابندی پر آپ سے کبھی سوال نہیں کیا گیا۔آپ PITB پورٹل کی نگرانی کر رہے تھے، لیکن آپ نے کبھی بھی وینڈرز کی عدم شرکت کی اطلاع مجاز اتھارٹی کو نہیں دی تاکہ ان کے خلاف مناسب کارروائی کی جا سکے۔'' دیگر فارماسسٹ، نایاب خالد کے خلاف الزامات کے بارے میں، رپورٹ میں کہا گیا کہ وہ مطلوبہ برانڈز کے مطابق موصول ہونے والی ادویات اور ڈسپوزایبلز کو شامل کرنے، ڈیلیوری کے وقت کو تسلیم کرنے اور متعلقہ ڈیٹا کو PITB پورٹل پر اپ لوڈ کرنے کی ذمہ دار تھی۔تاہم، آپ اپنی اہم ذمہ داریوں کو نبھانے میں ناکام رہے کیونکہ آپ نے حکومتی پالیسی کے مطابق PITB پورٹل پر بروقت ڈیٹا اپ لوڈ نہیں کیا جس کی وجہ سے پورٹل کے ڈیٹا اور وینڈر رانوائسز کے درمیان بہت زیادہ تضاد دیکھا گیا۔

قربانی کا گوشت کتنے دن تک فریج میں رکھ کر کھانا صحت کے لیے خطرہ

اسلام آباد:(اجنسی) پاکستان کے سوشل میڈیا پر ان دنوں نگاہ ڈالیں تو عید کے حوالے سے موجود بیشتر ٹرینڈز ہیں جن میں لوگ گوشت سے بنے مرغن اور لذیذ سالن، بار بی کیو، کباب بریانی سے سجی دعوتوں کے دسترخوان کی تصاویر شیئر کر رہے ہیں۔ایسے میں ایک اور اہم مسئلہ بھی ہے جو لوگوں کو درپیش ہے کہ قربانی کا بہت سا گوشت جمع ہے اور اب اسے زیادہ دن تک کیسے محفوظ کیا جائے اس لیے سوشل میڈیا پر قربانی کے جانور کے گوشت کو مختلف طریقے سے محفوظ کرنے کے تجربات کو بھی شیئر کیا جا رہا ہے۔تاہم ان سب کے بیچ ایک سوال جو بار بار دہرایا جا رہا ہے وہ یہ ہے کہ آخر کتنا گوشت کھائیں کہ یہ صحت کے لیے مفید رہے اور کیا بہت دنوں تک فریز کیا ہوا گوشت صحت کے لیے اتنا ہی فائدے مند ہو سکتا ہے جتنا کہ تازہ گوشت؟ماہرین کے مطابق گوشت آئرن اور وٹامن بی 12 سمیت اہم منرلز کی خصوصیات رکھتا ہے اور انسانی صحت کے لیے اہم ہے لیکن ان سب کے درمیان توازن برقرار رکھنا شدید ضروری ہے۔تو عید کے دنوں میں گوشت کی زیادہ مقدار کھانا کس کے لیے مفید ہے اور صحت کے مسائل سے دوچار افراد اس عید پر کن چیزوں کے ساتھ ملا کر گوشت کھائیں، اور سب سے اہم یہ کہ فریز کیے گوشت کی غذائیت کو برقرار رکھنے کے سادہ اصول کیا ہیں؟اس مضمون میں ہم نے انھی سوالوں کا جواب ماہر غذائیت اور بی بی سی پر موجود ریسرچ سے تلاش کرنے کی کوشش کی ہے۔یاد رہے کہ پاکستان سمیت بہت سے ممالک میں اس سال عیدالضحیٰ شدید گرم موسم میں آئی ہے اور بہت سے علاقوں میں لوڈ شیڈنگ اور کم وولٹیج کی شکایات بھی کی جا رہی ہیں۔ایسے میں گوشت کھانا اور قربانی کا گوشت سنبھالنا ایک بڑا چیلنج بن کر بھی سامنے آتا ہے۔تو گرمی کے اس موسم کے باوجود گوشت کھانے کے شوقین لوگ کس طرح پیٹ کا نظام بہتر رکھ سکتے ہیں۔شفا انٹرنیشنل ہسپتال اسلام آباد سے وابستہ ماہر غذائیت زینب غیور اس سوال کے جواب میں کہتی ہیں کہ عید پر لوگ ایک ہی دن میں کافی زیادہ گوشت کھا لیتے ہیں اور اس کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ اگر کسی شخص کو صحت کا کوئی دوسرا مسئلہ درپیش نہ ہو تو ایسے فرد پر ایک وقت میں زیادہ گوشت کھانے کا جو اثر پڑتا ہے وہ قبض اور معدے میں تیزابیت کی صورت میں سامنے آ سکتا ہے۔※※ ایک وقت میں زیادہ گوشت کھانے سے عام اور صحت مند شخص کو بھی ہاضمے کا مسئلہ ہو سکتا ہے اور اس کے علاوہ اگر کوئی دل کا مریض ہو یورک ایسڈ کا مسئلہ جن کو ہو ان کو بھی ایک وقت میں زیادہ مقدار میں گوشت کھانے سے صحت کے مسائل ہو سکتے ہیں.※ زینب غیور کہتی ہیں کہ اگر آپ کو صحت کے دیگر مسائل کا سامنا نہیں تو امریکن ہیلتھ گائیڈ لائن کے مطابق اگر آپ ایک دن میں ریڈ میٹ 8 اونس یا تقریبا ایک پاؤ کے قریب کھا سکتے ہیں۔تاہم عید کے تناظر میں دیکھیں تو ہم ایک ہی دن میں اس سے کہیں زیادہ مقدار میں گوشت کھا لیتے ہیں.※ تو زیادہ گوشت کھانے کا نقصان بھی نہ ہو کیا ایسا کوئی طریقہ ہے؟اس سوال کے جواب میں زینب غیور نے بتایا کہ ہم اس کے لیے بہترین طریقہ یہ کر سکتے ہیں کہ اپنی ہائیڈریشن کو اچھا کریں۔زیادہ سے زیادہ پانی پیئیں اور جب بھی گوشت کھائیں تو اس کے ساتھ دہی اور سلاد کو لازمی لیں کیونکہ دہی اور سلاد ہمارے کھانے میں پری اور پرو بائیوٹک (نظام ہضم کے لیے فائدے مند بیکٹیریا) ہیں جو ہمارے ہاضمے کے نظام کو بہتر رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔انھوں نے ناشتے کے وقت کلیجی یعنی جگر کے شوقین افراد کے لیے کھانے سے قبل ایک پیالہ دہی لینے کی تجویز دی.※ عام طور پر عید کے دنوں میں صبح صبح کلیجی کھانے کی روایات ہیں تو کیونکہ کلیجی میں آئرن اور وٹامن اے بہت زیادہ پایا جاتا ہے تو بہتر ہے کہ کلیجی سے پہلے ایک پیالہ دہی کھائیں.※ ماہر غذائیت زینب کہتی ہیں کہ کیونکہ گوشت آسانی سے ہضم نہیں ہوتا اور اس کے لیے نظام ہضم کو بہت محنت کرنا ہوتی ہے تو بہتر ہے کہ پانی وقفے وقفے سے زیادہ پیئیں اور جسم میں الیکٹر ولائٹس کو برقرار رکھنے کے لیے او آر ایس کا استعمال بھی کیا جا سکتا ہے.※ تھلیسیمیا کے مریض گوشت کے ساتھ چائے یا کافی لیں تو آئرن جزب نہیں ہو گا اس سوال کے جواب میں زینب غیور نے بتایا کہ ہم اس کے لیے بہترین طریقہ یہ کر سکتے ہیں کہ اپنی ہائیڈریشن کو اچھا کریں۔زیادہ سے زیادہ پانی پیئیں اور جب بھی گوشت کھائیں تو اس کے ساتھ دہی اور سلاد کو لازمی لیں کیونکہ دہی اور سلاد ہمارے کھانے میں پری اور پرو بائیوٹک (نظام ہضم کے لیے فائدے مند بیکٹیریا) ہیں جو ہمارے ہاضمے کے نظام کو بہتر رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔انھوں نے ناشتے کے وقت کلیجی یعنی جگر کے شوقین افراد کے لیے کھانے سے قبل ایک پیالہ دہی لینے کی تجویز دی.※ عام طور پر عید کے دنوں میں صبح صبح کلیجی کھانے کی روایات ہیں تو کیونکہ کلیجی میں آئرن اور وٹامن اے بہت زیادہ پایا جاتا ہے تو بہتر ہے کہ کلیجی سے پہلے ایک پیالہ دہی کھائیں.※ ماہر غذائیت زینب کہتی ہیں کہ کیونکہ گوشت آسانی سے ہضم نہیں ہوتا اور اس کے لیے نظام ہضم کو بہت محنت کرنا ہوتی ہے تو بہتر ہے کہ پانی وقفے وقفے سے زیادہ پیئیں اور جسم میں الیکٹر ولائٹس کو برقرار رکھنے کے لیے او آر ایس کا استعمال بھی کیا جا سکتا ہے.※ تھلیسیمیا کے مریض گوشت کے ساتھ چائے یا کافی لیں تو آئرن جزب نہیں ہو گا ماہرین کے مطابق پاکستان میں لوگوں کے اندر اینیما یعنی خون کی کمی ایک عام مسئلہ ہے۔زینب کے مطابق آئرن اور وٹامن بی 12 کا لیول بلڈ میں کم ہو جاتا ہے تو ریڈ میٹ یعنی مٹن اور بیف آئرن اور وٹامن بی 12 کی کمی کو دور کرنے کا ایک اچھا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔اور اگر روٹین میں یا عید کے دنوں میں اس کا استعمال رکھتے ہیں تو ہماری عمومی صحت کے لیے اچھا ہو گا لیکن کیونکہ ہم مقدار زیادہ لیتے ہیں تو وہ نقصان دے بن جاتا ہے.※ زینب غیور کے مطابق اگر کوئی گردوں کے امراض میں مبتلا ہے اور ڈائلاسسز پر نہیں ہے تو ان کے لیے پروٹین بہت کم تعداد میں لینا ہوتا ہے اسی طرح دل کے مریضوں کے لیے جن کا لیپیڈ پروفائل معمول کے مطابق نہیں بیف کھانا ان کے لیے نقصاندہ ہو سکتا ہے.※ تھلیسیمیا کے مریض جن کو آئرن نہیں دیا جا سکتا تو بہتر ہوتا ہے کہ اس طرح کے مریض گوشت لینے کے ساتھ چائے یا کافی کا استعمال کریں تاکہ آئرن جزب نہ ہو سکے اور تھلیسیمیا کے مریض کو مسئلہ نہ کرے جبکہ خون کی کمی کا شکار افراد جن عید پر گوشت کھائیں تو اس کے ساتھ لیموں کا استعمال کریں تاکہ آئرن جسم میں زیادہ سے زیادہ جذب ہو سکے۔

پاکستان کی ناکام امریکی رسائی: سفارتی ناکامیوں کا ایک سلسلہ

اسلام آباد/واشنگٹن۔9رجون۔ایم این این۔بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں واشنگٹن میں پاکستان کی حالیہ سفارتی کوششوں کا مقصد سرحد پار دہشت گردی میں پاکستان کے کردار کو اجاگر کرنے والی ہندوستان کی مہم کا مقابلہ کرنا تھا، لیکن اس کے نتیجے میں عوامی تذلیل کا سلسلہ شروع ہوا۔ہندوستان کے دعووں کی حمایت کرنے والے بے تحاشہ ثبوتوں کی وجہ سے اس حکمت عملی کا ردعمل ہوا، جس کے نتیجے میں امریکی حکام کی طرف سے کئی عوامی سرزنشیں ہوئیں۔امریکی رکن کانگریس بریڈ شرمین نے پاکستان کی طرف سے جیش محمد جیسے دہشت گرد گروہوں کی حمایت پر کھلے عام تنقید کی، ڈاکٹر شکیل آفریدی کی رہائی کا مطالبہ کیا، اور اقلیتوں پر ظلم وستم اور جبری گمشدگیوں سمیت پاکستان کی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو اجاگر کیا۔امریکہ کے ساتھ سندھ طاس معاہدے کے بارے میں پاکستان کی جانب سے تحفظات کا اظہار کرنے کی کوششوں کو خاموشی سے پورا کیا گیا، جس سے واشنگٹن کی جانب سے حمایت کی کمی کا اشارہ ملتا ہے۔اقوام متحدہ میں، بلاول بھٹو زرداری کی بھارت کو مسلم مخالف کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کو ایک صحافی نے تیزی سے درست کیا، جس سے پاکستان کو مزید شرمندگی ہوئی۔پاکستان کی طرف سے لشکر طیبہ کی ایک اہم شخصیت حافظ عبدالرؤف کے دفاع نے، اس کی شناخت اور کردار کی تصدیق کرنے والے ثبوتوں کے باوجود، اس کی سفارتی ناکامیوں میں اضافہ کیا۔بھٹو کی بھارت کی را اور پاکستان کی آئی ایس آئی کے درمیان تعاون کی تجویز کو ایک عجیب تجویز سمجھا جاتا تھا کیونکہ پاکستان کی متعدد دہشت گرد تنظیموں کو پناہ دینے کی تاریخ، پاکستان کے اقدامات اور اس کی سفارتی بیان بازی کے درمیان رابطہ منقطع کرتی ہے۔

وہ قبضہ جس سے پنجاب پر افغان حکمرانی ختم ہوئی



اسلام آباد:(اجنسی) پاکستان میں صوبہ پنجاب کے شہر ملتان میں بہاءالدین زکریا کے مزار کے داخلی دروازے کے باہر موجود کچھ قبروں میں ایک قبر نواب مظفر خان سدوزئی کی بھی جو سنہ 1757 سے 1818 تک ملتان کے حکمران تھے۔پال اولڈ فیلڈ نے 'وکٹوریا کراسز آن دی ویسٹرن فرنٹ' میں لکھا ہے کہ پانچ ہزار سال پرانا ملتان شہر قرون وسطیٰ کے اسلامی ہندوستان میں ایک اہم تجارتی مرکز تھا۔تاریخی حوالوں کے مطابق 11 ویں اور 12 ویں صدی میں ملتان میں کئی صوفی بزرگ آئے اور اِسی نسبت سے یہ 'اولیا کا شہر' کہلوایا۔آج بھی یہاں کئی صوفی مزارات موجود ہیں، جن میں سے ایک حضرت بہاءالدین زکریا کا مزار ہے۔مغلوں کی جانب سے ملتان پر سنہ 1557 میں قبضے کے بعد اس شہر نے 200 سال امن وخوشحالی کے گزارے اور اس دورانیے میں یہ ایک اہم زرعی اور تجارتی مرکز بن گیا۔اپنی کتاب 'اے بریف ہسٹری آف دی سکھس' میں دیوندر سنگھ مانگٹ بتاتے ہیں کہ سندھ، چناب، راوی اور ستلج دریاؤں سے سیراب ہونے والی ملتان کی زمین بہت زرخیز تھی جو سالانہ 13 لاکھ روپے سے زائد کی آمدن پیدا کرتی تھی۔'اس کے علاوہ یہ شہر کئی ملکوں کے سامان اور گھوڑوں کی تجارت کا ایک اہم مرکز تھا۔ملتان کی ریشمی صنعت اپنی کاریگری اور معیار کے لیے مشہور تھی۔بخارا کی ریشمی مصنوعات یہاں تجارت کے لیے لائی جاتیں، یہاں بُنی جاتیں اور پورے ہندوستان میں فروخت ہوتیں۔ملتان ہر سال 40 ہزار میٹر ریشم کا کپڑا تیار کرتا تھا۔'اور دولت کی اسی ریل پیل کی وجہ سے ملتان حملہ آوروں کو لبھاتا تھا۔فقیر سید اعجاز الدین ایک کتاب 'زبدۃ الاخبار' کا ریویو کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ سنہ 1759 میں مرہٹوں نے ملتان کو تاراج کیا لیکن اس کے باوجود یہاں اتنا کچھ باقی رہ گیا کہ سکھوں کو اپنی طرف کھینچ سکے۔'عید کے دن، 27 دسمبر 1772 کو' بھنگی سکھوں نے ملتان کا قلعہ اُس وقت فتح کر لیا جب اس کا گورنر اور اُس کی فوج نماز عید میں مصروف تھے۔ملتان 1780 تک اُن کے قبضے میں رہا، جب (افغان حملہ آور) تیمور شاہ درّانی نے ایک لشکر کے ساتھ قلعے پر حملہ کیا اور نوجوان (افغان) نواب مظفر خان سدوزئی کی مدد سے وہاں کی فوج کو شکست دی۔''اگلے 38 برس تک مظفر خان نے ملتان کو بڑی صلاحیت کے ساتھ چلایا۔'انیسویں صدی کی ابتدا ہوئی تو لاہور میں حکمران مہاراجہ رنجیت سنگھ کی نظریں ملتان پر جمی ہوئی تھیں۔جے ایس گریوال اپنی کتاب 'دی سکھس آف دی پنجاب' میں لکھتے ہیں کہ رنجیت سنگھ نے جن علاقوں پر قبضہ کیا تھا وہ پہلے اُن کے باج گزار رہے تھے: چاہے وہ سکھ تھے یا غیر سکھ، میدانی تھے یا پہاڑی۔'مثلاً خوشاب، ساہیوال، جھنگ اور منکیرہ کے حکمران اپنے علاقوں پر رنجیت سنگھ کے قبضے سے پہلے بہت سالوں تک خراج دیتے رہے تھے۔زیادہ تر تو یہ ہوا کہ رنجیت سنگھ خراج کی رقم بڑھاتے جاتے یہاں تک کہ حکمران میں یا تو اور خراج دینے کی سکت نہ رہتی یا وہ انکار کر دیتا، جس سے ایسی صورتحال پیدا ہو جاتی کہ جس میں اس کے علاقے پر قبضے کا جواز بن جاتا۔''ملتان کے گورنر نے بھی لگ بھگ ایک دہائی تک انھیں خراج دیا تھا۔''دی ہسٹری آف دی سکھس' میں اس کی تفصیل یوں بیان ہوئی ہے کہ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے ملتان پر سات حملے کیے۔'پہلا حملہ 1802 میں ہوا، جس پر نواب مظفر خان نے اطاعت اور خراج کا وعدہ کیا۔1805 میں دوسرے حملے پر بھی تحفے اور 70 ہزار روپے دیے۔تیسرا حملہ 1807 میں جھنگ کے حکمران احمد خان سیال کے اُکسانے پر ہوا، مگر خراج اور گھوڑے دے کر محاصرہ ختم ہوا۔1810 میں چوتھے حملے پر شدید لڑائی کے بعد نواب نے ایک لاکھ 80 ہزار روپے، 20 گھوڑے اور سالانہ خراج دینے پر صلح کی۔پانچواں حملہ 1812 میں پُرامن خراج پر ختم ہوا۔چھٹا حملہ 1815 میں خراج میں تاخیر پر ہوا، جس میں نواب کو دو لاکھ روپے دینے پڑے۔1816 اور 1817 میں خراج کی ادائیگی جاری رہی، مگر مسلسل مالی دباؤ کے باعث نواب نے آخر کار عسکری مزاحمت کی تیاری شروع کر دی۔'سنہ 1818 کے اوائل میں رنجیت سنگھ نے ملتان پر آخری مہم جوئی کی۔گلشن لال چوپڑا نے اپنی کتاب 'دی پنجاب ایز اے سوورن سٹیٹ' میں لکھا ہے کہ جنوری 1818 تک سکھ سلطنت نے لاہور سے ملتان تک رسد کا وسیع نظام قائم کر لیا، جس میں جہلم، چناب اور راوی ندیوں پر کشتیوں کے ذریعے سامان کی نقل وحمل شامل تھی۔'رانی راج کور (جو مائی نکائن مشہور ہیں) کو خوراک اور اسلحے کی ترسیل کی کمان دی گئی۔انھوں نے خود گھوڑوں، اناج اور بارود کی مسلسل فراہمی کوٹ کمالیہ (جو لاہور اور ملتان کے درمیان واقع ہے) میں منظم کیا۔'ہنری تھوبی پرنسیپ اپنی کتاب 'اوریجنز آف دی سکھ پاور ان دی پنجاب' میں لکھتے ہیں کہ ملتان کے وسائل ہر سال زبردستی لیے جانے والے خراج، لوٹ مار اور بربادی کے سبب کمزور ہو چکے تھے۔رنجیت سنگھ کو امید تھی کہ مظفر خان کی دفاعی تیاریوں کے ذرائع اب اتنے ختم ہو چکے ہیں کہ شہر اور قلعہ آسانی سے فتح کیے جا سکتے ہیں۔'تاہم اس مہم سے پہلے رنجیت سنگھ نے جھنگ کے سابق حکمران احمد خان سیال کو رہا کر دیا، جو نو ماہ سے ان کی قید میں تھے۔انھیں گزارے کے لیے ایک چھوٹی جاگیر بھی دی گئی۔''رنجیت سنگھ کے ولی عہد کھڑک سنگھ کو اس مہم کی ظاہری کمان سونپی گئی، جبکہ دیوان چند کو عملی کمان دی گئی۔وہ اپنی قابلیت اور محنت سے ایک معمولی درجے سے ترقی پا کر توپ خانہ کے کمانڈر بن چکے تھے۔''لیکن چونکہ جاگیردار ایک 'کل کا آیا ہوا آدمی' کہہ کر ان کے ماتحت رہنے سے ہچکچا رہے تھے، اس لیے رنجیت سنگھ نے ولی عہد کو رسمی سپہ سالار بنا کر سب کی قیادت کا حل نکالا۔راوی اور چناب پر موجود تمام کشتیاں فوجی رسد اور سامانِ جنگ کی ترسیل کے لیے لے لی گئیں اور جنوری 1818 میں فوج نے کوچ کیا۔''مظفر خان سے نقد رقم کا بہت بڑا مطالبہ کیا گیا اور ان کے پانچ عمدہ گھوڑے مانگے گئے۔جب فوری طور پر یہ مطالبہ پورا نہ ہوا، تو مظفر گڑھ اور خان گڑھ کے قلعے پر حملہ کر کے قبضہ کر لیا گیا۔فروری کے دوران ملتان شہر پر بھی قبضہ کر لیا گیا اور شہر کا قلعہ بغیر زیادہ جانی نقصان کے گھیرے میں لے لیا گیا۔'

پاکستان میں مذہبی اقلیتوں پر نظامی ظلم وستم کو بے نقاب کیا

لندن۔9رجون۔ایم این این۔پاکستان کے زیر قبضہ جموں وکشمیر (پی او جے کے) کے ایک سرکردہ کارکن امجد ایوب مرزا نے پاکستان کی مئی 2025 کی رپورٹ میں اقلیتوں کی آواز کا ایک تلخ تجزیہ پیش کیا ہے، جس میں پاکستان میں مذہبی اقلیتوں، خاص طور پر ہندوؤں، عیسائیوں، سکھوں، ہندوؤں کے زیر اثر مذہبی اقلیتوں کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر روشنی ڈالی گئی ہے۔مرزا نے پاکستان پر استثنٰی کی ثقافت کو فروغ دینے کا الزام لگایا جس میں توہین رسالت کے قوانین سے تحفظ یافتہ مسلمانوں کے پاس 'قتل کا لائسنس' ہے۔پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 295 کا حوالہ دیتے ہوئے، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کس طرح توہین مذہب کے سادہ الزامات کے نتیجے میں گرفتاریاں، لنچنگ، یا یہاں تک کہ سزائے موت بھی ہو سکتی ہے، جیسا کہ آسیہ بی بی اور پنجاب کے گورنر سلمان تاثیر اور مسیحی وزیر شہباز بھٹی کے قتل کے واقعات میں سب سے زیادہ بدنامی کے ساتھ دیکھا گیا۔رپورٹ کے مطابق، صرف مئی 2025 میں مذہبی ظلم وستم کے کم از کم 43 واقعات پیش آئے، جن میں سندھ کے میرپور خاص میں ہندوؤں کے خلاف جان بوجھ کر تشدد اور لاہور میں عیسائی خواتین کے خلاف تشدد شامل ہے۔خاص طور پر، قصور، سیالکوٹ اور لاہور سمیت اضلاع میں احمدیہ کمیونٹی پر چھ حملے رپورٹ ہوئے، جن میں سے متعدد بار ایسوسی ایشنز، تحریک لبیک اور پولیس افسران نے مبینہ طور پر کیے۔مرزا نے بتایا کہ کس طرح کم عمر اقلیتی لڑکیوں کو، جن میں سے کچھ کی عمریں 12 سال ہیں، کو اغوا کر کے اسلام قبول کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔انہوں نے سندھ اسمبلی کا بھی حوالہ دیا، جہاں ایم پی اے فیصل نے ہندوؤں کو گائے کا گوشت کھانے پر مجبور کیے جانے کی خبروں کی تصدیق کی، جو ان کے مذہبی خیالات کے سخت خلاف ہے۔یہ اطلاع دی گئی کارروائیاں اکثر مذہبی تہواروں جیسے کہ بقرہ عید کے ساتھ ملتی ہیں۔جسمانی تشدد کے علاوہ، اقلیتوں کو منظم طریقے سے سول سروسز، تعلیم اور سیاسی شرکت سے باہر رکھا جاتا ہے۔بہت سے لوگ صفائی کے کام جیسی کم اجرت والی نوکریوں پر چلے جاتے ہیں اور بنیادی سہولیات سے محروم محلوں میں رہتے ہیں۔مندروں، گرجا گھروں اور گوردواروں میں اکثر توڑ پھوڑ کی جاتی ہے یا غیر قانونی طور پر قبضہ کیا جاتا ہے، جب کہ میڈیا آؤٹ لیٹس دیوالی یا کرسمس جیسے تہواروں کی خبروں کو نظر انداز یا دبا دیتے ہیں۔مرزا نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ پاکستان میں اقلیتوں پر ظلم وستم واقعاتی نہیں ہے بلکہ ریاست کی نظریاتی بنیاد میں سرایت کر گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ'' پاکستان میں عیسائی یا ہندو ہونا ایک جرم جیسا سلوک کیا جاتا ہے۔

کینیڈین صحافی نے خالصتانی حامیوں کی جانب سے حملے کا الزام لگایا

وینکیور۔9رجون۔ایم این این۔آزاد کینیڈین صحافی موچا بیزرگن نے وینکوور کی ریلی میں خالصتانی حامیوں کی طرف سے حملہ اور دھمکیاں دیے جانے کی اطلاع دی ہے اور الزام لگایا کہ تقریب کی کوریج کے دوران ان کا فون چھین لیا گیا۔بیزرگن نے اس حملے کو''ٹھگ'' کے طور پر بیان کیا اور اسے خالصتان سے متعلق مظاہروں کی اپنی ماضی کی کوریج سے جوڑ دیا، جس میں تحریک کی توڑ پھوڑ، دھمکی اور پرتشدد بیان بازی کی کارروائیوں کو نمایاں کیا گیا۔انہوں نے سکھس فار جسٹس (SFJ) کو مرکزی منتظمین کے طور پر اشارہ کیا، جس میں ورلڈ سکھ آرگنائزیشن جیسی بڑی سیاسی تنظیموں کی شمولیت کو نوٹ کیا گیا، جس میں کینیڈا کے موجودہ اور سابق اراکین پارلیمنٹ اور وزراء شامل ہیں۔بیزرگن نے کنزرویٹو، این ڈی پی، اور لبرل پارٹیوں کے ارکان سمیت کینیڈا کے سیاست دانوں پر، سنتوکھ سنگھ کیلہا جیسے افراد کے ساتھ تعلق رکھنے پر تنقید کی، جو کہ ایک سزا یافتہ سکھ کینیڈین ہے جس نے ہوائی جہاز کو بم سے اڑانے کی سازش کی تھی۔صحافی نے ہندوستانی وزیر اعظم نریندر مودی کو نقصان پہنچانے کے منصوبوں اور ان کے آباؤاجداد کے طور پر اندرا گاندھی کے قاتلوں کے حوالے سے ان کی کھلی گفتگو کا حوالہ دیتے ہوئے خالصتانی گروپوں کی طرف سے تشدد کی تعریف پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔موچا بیزرگن نے انتہا پسندی کو معمول پر لانے سے روکنے کے لیے زیادہ سے زیادہ احتساب اور عوامی بیداری پر زور دیا، کینیڈا کے سیاست دانوں پر زور دیا کہ وہ خود کو انتہا پسند گروپوں سے دور رکھیں اور خبردار کیا کہ اس معاملے کو نظر انداز کرنے سے کینیڈا اور بھارت کے درمیان کشیدگی بڑھ سکتی ہے۔

چین میں دریافت ہونے والا نیا کورونا وائرس انسانوں کو

بیجنگ۔9رجون۔ایم این این۔ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ چین میں دریافت ہونے والا نیا کورونا وائرس تبدیل ہونے اور ایک اور عالمی وبا کی وجہ سے صرف ایک چھوٹا سا قدم ہے۔سائنس دانوں کا خیال ہے کہ HKU5-CoV-2 نامی مختلف قسم، کووڈ-19 کے مقابلے میں جانوروں کی ایک وسیع رینج کو متاثر کر سکتی ہے جس کی وجہ سے لاکھوں اموات ہوئیں اور انواع کے درمیان کودنے کی زیادہ صلاحیت ہو سکتی ہے۔امریکی محققین کو خدشہ ہے کہ فروری میں چین میں پایا جانے والا HKU5-CoV-2 انسانوں کو بھی متاثر کر سکتا ہے، جس سے بڑے پیمانے پر وبا پھیل سکتی ہے۔نیچر کمیونیکیشنز میں شائع ہونے والی نئی تحقیق میں مربیکو وائرسز نامی کورونا وائرس کے ایک غیر معروف گروپ پر نظر ڈالی گئی، جس میں HKU5 اور MERS-CoV شامل ہیں، جو مشرق وسطیٰ کے مہلک سانس کے سنڈروم کے لیے ذمہ دار ہیں۔واشنگٹن اسٹیٹ یونیورسٹی کی ٹیم نے دیکھا کہ نیا پیتھوجین انسانی خلیوں کے ساتھ کیسے تعامل کرتا ہے۔انہوں نے پایا کہ وائرس کے اسپائک پروٹین میں ایک چھوٹی سی تبدیلی اسے لوگوں کے گلے، منہ اور ناک میں انسانی ACE2 خلیوں سے منسلک کرنے کی اجازت دے سکتی ہے۔HKU5-CoV-2 ایئر ویز اور گٹ دونوں میں انسانی خلیوں کے اندر انفیکشن اور نقل بنا سکتا ہے۔ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے مطابق، مشرق وسطی کے سانس لینے کے سنڈروم سے متاثر ہونے والے تقریبا 35 فیصد لوگ مر جاتے ہیں۔ 2012 کے بعد سے، تقریباً 27 ممالک میں ایسے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جن کی وجہ سے اونٹوں سے پھیلنے والے انفیکشن کی وجہ سے 858 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔لیکن جب HKU5 فروری میں دریافت ہوا، تو سائنسدانوں نے خطرات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنے کے خلاف خبردار کیا کیونکہ یہ انسانی خلیوں میں اتنی آسانی سے داخل نہیں ہوتا جتنا سارس۔کو۔2، جس کی وجہ سے کووِڈ۔19 ہوا۔HKU5 کا پتہ سب سے پہلے چینی لیبارٹری کے سائنسدانوں نے چمگادڑوں میں لگایا تھا جہاں کچھ کا کہنا ہے کہ کووڈ کی ابتدا 2019 میں ہوئی تھی۔

کوک جزائر کے ساتھ چین کی اسٹریٹجک شراکت داری کے جغرافیائی سیاسی اثرات

بیجنگ۔9رجون۔ایم این این۔کوک جزائر کی چین کے ساتھ جامع تزویراتی شراکت داری، جس پر 2025 میں دستخط کیے گئے، بحرالکاہل کے جغرافیائی سیاسی منظر نامے کو نمایاں طور پر تبدیل کر دیتا ہے، جس سے چھوٹے جزیرے کی قوم کو امریکہ اور چین کی شدید مسابقت کی طرف لے جایا جاتا ہے۔یہ شراکت، گہرے سمندر میں کان کنی، ہائیڈروگرافی، اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ جیسے شعبوں پر مشتمل ہے، چین کو خطے میں اقتصادی فائدہ اور اثر و رسوخ میں اضافہ کرتا ہے، جو کہ امریکہ، فرانس، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کی طرف سے برقرار رکھے گئے موجودہ سیکورٹی توازن کو چیلنج کرتا ہے۔اس معاہدے نے کک جزائر میں گھریلو ناراضگی کو جنم دیا ہے، نیوزی لینڈ کے ساتھ روایتی تعلقات کے سمجھے جانے والے سمجھوتے کے خلاف مظاہرے اور معاہدے کے ارد گرد رازداری اور شفافیت کے فقدان پر خدشات پیدا کیے۔بحرالکاہل میں چین کے نقطہ نظر میں اقتصادی ترغیبات، بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاری، اور سفارتی چالوں کا مجموعہ شامل ہے، اکثر مغربی امداد سے منسلک سخت شرائط کے بغیر، انحصار پیدا کرنا اور اپنے اسٹریٹجک نقش کو بڑھانا۔یہ حکمت عملی بحرالکاہل کے دیگر جزائر کے ممالک کے ساتھ اسی طرح کے معاہدوں کی عکاسی کرتی ہے، خاص طور پر جزائر سولومن، اور یہ تائیوان کی سفارتی حمایت کو کمزور کرنے اور ون چائنا پالیسی ※ کو فروغ دینے کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہے۔جب کہ امریکہ اور آسٹریلیا نے بڑھتی ہوئی سفارتی مصروفیات، سیکورٹی معاہدوں اور اقتصادی امداد کے ذریعے چین کے اثر ورسوخ کا مقابلہ کرنے کی کوشش کی ہے، خاص طور پر امریکی سیاسی منظر نامے کے ارد گرد غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر، ان کوششوں کے طویل مدتی عزم اور تاثیر کے بارے میں خدشات برقرار ہیں۔

مارک مارکیز نے آراگون گراں پری جیت کر ایک بہترین ویک اینڈ مکمل کیا

